دلائل الخیرات

وشوارق الأنوار

في ذكر الصلوة على النبي المختار صلى الله عليه وسلم

لإمام أبي عبد الله

محمد بن سليمان

الجزولي السملالي الحسني

مترجم

حضرت علامہ مفتی عطاء المصطفیٰ اعظمی

اعظمی پبلشرز دار العلوم صادق الاسلام

دلائل الخیرات

وشوارق الانوار

فی ذکر الصلوٰۃ علی النبی المختار صلی اللہ علیہ وسلم

لامام ابی عبد اللہ محمد بن سلیمان الجزولی السملالی الحسنی

مترجم

نبیرۂ صدر الشریعہ خلیفہ تاج الشریعہ جگر گوشہ محدث کبیر

حضرت علامہ مولانا مفتی عطاء المصطفیٰ اعظمی دام ظلہ علینا

ناشر اعظمی پبلشرز

دار العلوم صادق الاسلام
10/483 لیاقت آباد کراچی

Website : www.sadiqulislam.net

E-mail : info@sadiqulislam.net Cell : 0300-2299781

نام کتاب : دلائل الخیرات وشوارق الانوار
فی ذکر الصلاۃ علی النبی المختار
مصنف : الشیخ الامام العلامہ قطب زمان ابو عبد اللہ
محمد بن سلیمان جزولی سہلالی حسنی علیہ رحمۃ القوی
مترجم : نبیرۂ صدر الشریعہ خلیفۂ تاج الشریعہ جگر گوشۂ محدث کبیر
حضرت علامہ مفتی عطاء المصطفیٰ اعظمی دام ظلہ علینا
سن اشاعت : صفر المظفر ۱۴۴۲ھ
ناشر : اعظمی پبلشرز دار العلوم صادق الاسلام
10/483 لیاقت آباد کراچی

ملنے کے پتے

دار العلوم صادق الاسلام 10/483 لیاقت آباد، کراچی
دار العلوم صادق الاسلام 5/571 لیاقت آباد، کراچی
دار العلوم صادق الاسلام الپائن آرکیڈ نزد کارا کلینک چاندنی چوک، کراچی

فہرست

تنبیہ

(۱) سرخ رنگ سے لکھی ہوئی عبارت نہیں پڑھنی ہے۔

(۲) حاشیہ پر لکھی عبارت پر عمل کریں۔

(۳) نیلے رنگ سے لکھی ہوئی عبارت تین بار پڑھنی ہے۔

(۴) سوانح میں پڑھنے کا جو طریقہ لکھا ہے اسے بغور پڑھ کر عمل کریں۔

سوانح حیات
صاحب دلائل الخیرات شریف

دلائل الخیرات وشوارق الانور کے مصنف الشیخ الامام العلامہ قطب زمان ابو عبداللہ محمد بن سلیمان جزولی سہلالی حسنی علیہ رحمۃ القوی ۸۰۷ھ مطابق ۱۴۰۴ء میں بمقام سوس اقصیٰ مراکش پیدا ہوئے آپ کا تعلق بربر قوم (افریقہ) کے قبیلہ جزولہ کی شاخ سہلالہ سے ہے جو حسنی سادات

ہیں۔آپ کے والد ماجد کا قبیلہ جزولہ کے امیروں میں شمار ہوتا تھا۔

سلسلۂ نسب : صاحب دلائل کا سلسلۂ نسب چند واسطوں سے حضرت امام حسن بن علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہما سے مل جاتا ہے یعنی محمد بن سلیمان الجزولی بن عبدالرحمٰن بن ابی بکر بن سلیمان بن یعلی بن یخلف بن موسیٰ بن علی بن یوسف بن عیسیٰ بن عبداللہ بن جندر بن عبدالرحمٰن بن محمد بن احمد بن حسان بن اسماعیل بن جعفر بن عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہم

تعلیم و تربیت : ابتدائی تعلیم اپنے آبائی وطن سوس میں حاصل کی اس کے بعد شہر فاس جو مراکش ہی میں واقع ہے چلے گئے اور مدرسۃ الصفارین میں داخلہ لیا فراغت حاصل کرنے کے بعد اسی شہر فاس میں عرصۂ دراز تک مقیم رہ کر تفسیر و حدیث کا درس دیتے رہے۔

بیعت : علامہ جزولی فاس سے ساحل تشریف لائے تو یکتائے زمانہ شیخ ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ امغار الصغیر علیہ الرحمہ کے دستِ حق

پرست پر بیعت ہوئے اور چودہ سال تک خلوت گزینی اختیار کر کے عبادت وریاضت اور منازل سلوک طے کرنے میں مصروف رہے پھر آسفی میں خلق خدا کی رہنمائی اور مریدین کی تربیت کا کام شروع کیا۔ بے شمار لوگوں نے آپ کے ہاتھ پر توبہ کی یہاں تک کہ آپ کی شہرت کا دور دور تک شہرہ ہوگیا۔ حیرت انگیز خوارق اور بڑی بڑی کرامتیں ظاہر ہوئیں۔ آپ کے مریدین کی تعداد بارہ ہزار سے تجاوز کر گئی۔ (جامع کرامات الاولیاء ج ۱ ص ۲۷۶ مصطفیٰ البابی مصر)

حضرت شیخ احکام الٰہیہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر سختی سے کاربند تھے، کثرت سے اوراد و وظائف ادا کرتے تھے، عوام الناس کے بے پناہ ہجوم کو خطرہ محسوس کرتے ہوئے حاکمِ وقت نے انہیں آسفی سے نکال دیا، چنانچہ آپ آفرغال تشریف لے گئے اور رشد و ہدایت کا کام شروع کر دیا۔ علامہ فاسی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں" آپ کی برکت سے

انوار جگمگا اٹھے، اسرار آشکارا ہونے لگے، فقراء ہر طرف پھیل گئے، بلادِ مغرب میں اللہ تعالیٰ کے ذکر اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں صلوٰۃ و سلام کے نغمے گونجنے لگے۔ بندگانِ خدا اور شہروں کو نئی زندگی مل گئی۔ مغرب میں طریقت کے آثار مٹ چکے تھے اور انوار ماند پڑ چکے تھے، آپ نے طریقت کی تجدید فرمائی اور بہت سے مشائخ کو خلافت سے نوازا"۔ حضرت شیخ دعوتِ دین اور رشد و ہدایت کے لئے اپنے خلفاء کو مختلف شہروں میں بھیجتے تھے جو اپنے مریدین اور معتقدین کے ہمراہ جگہ جگہ تشریف لے جاتے اور لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی عبادت و اطاعت اور ذکر الٰہی کی دعوت دیتے۔ آپ کے کثیر التعداد خلفاء سے صرف دو حضرات کے نام ملتے ہیں (۱) شیخ ابو عبداللہ محمد الصغیر السہلی (۲) شیخ ابو محمد عبدالکریم المنذاری رحمہما اللہ تعالیٰ۔ حضرت شیخ جزولی مذہباً مالکی تھے انہیں فقہ مالکی کی مشہور کتاب المدونۃ زبانی یاد تھی، طریقتاً

شاذلی تھے۔(مطالع المسرات ص ۳۱ نوریہ رضویہ پبلیکیشنز لاھور)

دلائل الخیرات کی تصنیف : اسی شہر فاس کی اقامت کے دوران دلائل الخیرات شریف تصنیف فرمائی جس کا مختصر واقعہ یہ ہے جسے عارف باللہ حضرت شیخ احمد صاوی علیہ رحمۃ الباری مصری نے "صلوات الشیخ الدردیر" کی شرح میں بیان فرمایا اور علامہ نبہانی کے شیخ علامہ حسن عدوی نے دلائل الخیرات کے حاشیہ میں تحریر فرمایا کہ حضرت شیخ امام جزولی نے فاس میں دلائل الخیرات تصنیف فرمائی اور اس کتاب کی تالیف کا سبب یہ ہوا کہ ایک دن فاس کے کسی گاؤں میں ورود ہوا نماز ظہر کا آخری وقت آگیا، بسیار تلاش و جستجو کے بعد ایک کنواں نظر آیا لیکن پانی نکالنے کے لئے ڈول اور رسی وغیرہ میسر نہ آئی کوئیں کے گرد امام جزولی پریشان تھے اتنے میں سامنے ایک بلند مکان سے نو سالہ بچی نے دیکھا تو کہنے لگی آپ وہی شخص ہیں

جن کی نیکی کی بڑی تعریف سنی جاتی ہے اور اتنی مشہور و معروف شخصیت کے حامل ہیں اس کے باوجود آپ ایک معمولی سا کام نہیں کر سکتے اور حیران و پریشان ہیں کہ کوئیں سے پانی کس طرح نکالیں؟ چنانچہ اس لڑکی نے کوئیں میں تھوک دیا اور کوئیں کا پانی اُبل کر باہر آ گیا حتیٰ کہ زمین پر بہنے لگا امام جزولی نے وضو کر کے نماز ادا کی نماز سے فراغت کے بعد حضرت شیخ صاحب اس لڑکی کے مکان پر گئے اور لڑکی سے کہا میں اللہ کی قسم اور رسول اللہ ﷺ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کہ تمہیں یہ مرتبہ و مقام کیسے حاصل ہوا؟ اس لڑکی نے جواب دیا بکثرة الصلاة علی من کان اذا مشی فی البر الاقفر تعلقت الوحش باذیاله ﷺ یعنی اس ذات اقدس ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنے کے سبب جو جنگل میں چلتے تو وحشی جانوران کے دامن کرم سے لپٹ جاتے (الدلالات الواضحات ص ۱۰ لعلامة یوسف نبہانی) اسی بناء پر بہت

سے علماء اس مذکورہ بالا درود کو صلاۃ البیر کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔صاحب دلائل نے یہ درود اس بچی سے سیکھ کر اس کی اجازت حاصل کی اور اسی وقت عزم مصمم کرلیا کہ بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں درود وسلام پیش کرنے کی ایک کتاب لکھوں گا جس میں تمام منقولہ و مرویات الفاظِ درود وسلام تحریر کروں گا اور وہ درود بھی اس میں شامل ہو جو اس لڑکی سے میں نے حاصل کئے چنانچہ وہ درود اس دلائل الخیرات کے حزب الثانی کے آخر میں منقول ہے۔پھر فاس سے ساحل تشریف لے گئے اور وہاں چودہ سال تک خلوت میں مصروفِ عبادت رہے پھر مخلوقِ خدا کو فیض یاب کرنے کے لئے گوشہ نشینی سے باہر تشریف لائے اور آسفی کی سرحد پر قیام فرمایا اور مخلوقِ خدا کی تعلیم وتربیت فرماتے رہے،بڑی بڑی کرامتوں کا ظہور ہوا اور اکنافِ عالم میں آپ کی شہرت کا چرچہ ہونے لگا پھر آسفی کے حاکم نے آپ کو آسفی سے کوچ

کرجانے کا حکم دے دیا چنانچہ آپ مطرازہ کے شہر آفرغال چلے گئے اسی طرح رشد و ہدایت کا سلسلہ وہاں بھی جاری رہا۔

تصنیفات:

۱) دلائل الخیرات وشوارق الانوار فی ذکر الصلاۃ علی النبی المختار

۲) حزب الفلاح بابرکت دعاؤں کا مجموعہ

۳) حزب الجزولی یہ حزب سبحان الدائم لایزول کے نام سے موسوم ہے اور شاذلیوں میں متداول ہے اور مقامی زبان میں ہے۔

دلائل کی اجازت: دلائل الخیرات شریف کو مشائخ کرام صرف درود کے طور پر نہیں پڑھتے بلکہ اپنے مشائخ کرام سے اس کی باقاعدہ اجازت بھی حاصل کرتے رہے جیسا کہ علامہ یوسف نبہانی علیہ رحمۃ الصمدانی کے شیخ علامہ حسن عدوی مصری علیہ رحمۃ المہدی اپنے حاشیہ

بلوغ المسرات علی دلائل الخیرات میں تحریر فرماتے ہیں کہ اس کتاب کی فضیلت وشرافت کے لئے صرف اتنا ہی کافی ہے کہ اس کی مقبولیت اور افادیت حیرت انگیز ہے اور بعض عارفین نے اسے حضور سید المرسلین ﷺ سے حاصل کیا ہے چنانچہ سیدی محمد بن احمد بن عبد الرحمٰن مغربی تلمسانی اور سیدی محمد اندلسی علیہما الرحمہ نے حضور اقدس ﷺ سے دلائل الخیرات حاصل کی (الدلالات الواضحات ص ۷، ۸ لعلامہ یوسف نبہانی)

علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی قدس سرہٗ العزیز نے ۱۳۳۲ھ میں مسجد نبوی شریف کے امام شیخ الدلائل سید محمد سعید بن احمد بن عبد الرحمٰن مغربی مالکی کو تین نشستوں میں باریک بینی سے دلائل الخیرات پڑھ کر سنائی اور تحریری اجازت حاصل کی (الدلالات الواضحات ص ۵ لعلامہ یوسف نبہانی)

شیخ الدلائل عبد الحق الٰہ آبادی مہاجر مکی علیہ الرحمہ جن کی کتاب

الاکلیل علی حاشیۃ مدارک التنزیل ہے اعلیٰ حضرت امام اہلسنت کے زمانے میں ۱۲۸۳ھ میں الہ آباد سے ہجرت فرما کر مکہ معظمہ چلے گئے جہاں انہوں نے سات سال اس طرح گزارے کہ انہوں نے نہ دودھ پیا، نہ کھجور کھائی، نہ روٹی کھائی نہ کوئی دانہ وغلہ، صرف آب زمزم پیتے رہے، سات سالوں تک سوائے آب زمزم کے کوئی غذا نہیں استعمال کی اور پچاس سال تک طالبان علم وعرفان کو سیراب کرتے رہے۔

امام اہلسنت، مجدد دین وملت الشاہ احمد رضا بریلوی قدس سرہ العزیز مدینہ منورہ حاضر ہوئے تو شیخ الدلائل سید محمد سعید بن علامہ سید محمد مغربی قدس سرہما نے امام اہلسنت سے حدیث مسلسل بالاولیت سنی اور ان تمام علوم وفنون اور سلاسل کی اجازت وخلافت حاصل کی جن کی اجازت امام اہلسنت کو اپنے مشائخ سے حاصل تھی۔ (الاجازات المتینہ لامام احمد رضا)

مولانا عبدالباری فرنگی محلی ۱۳۲۳ھ میں حرمین شریفین حاضر ہوئے تو شیخ الدلائل سید امین بن رضوان قدس سرہ سے اجازت وخلافت حاصل کی۔

دلائل کی شرحیں: دلائل الخیرات شریف کی اہمیت و فضیلت کا اندازہ اس سے بھی ہوتا ہے کہ اب تک اس کی کئی شرحیں لکھی جا چکی ہیں۔ اور بہت سے حواشی وتراجم کئے گئے لیکن صاحب کشف الظنون حاجی خلیفہ علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہیں کہ تمام شرحوں میں سب سے معتبر شرح حضرت علامہ محمد مہدی فاسی ۱۱۰۹ھ کی شرح مطالع المسرات ہے۔ ذیل میں چند شروح اور حواشی کے نام درج کئے جاتے ہیں۔

۱۔ **مطالع المسرات:** علامہ محمد مہدی فاسی علیہ الرحمہ فاس مراکش کے رہنے والے تھے آپ مالکی مسلک سے منسلک تھے۔ ۱۰۳۳ھ مطابق ۱۶۲۴ء فاس (مراکش) میں پیدا ہوئے آپ نہایت متبحر عالم

فاضل تھے تفسیر و حدیث اور تاریخ و سیر اور علم صرف، نحو اور لغت میں خاصی مہارت رکھتے تھے جس کا اندازہ دلائل الخیرات کی شرح مطالع المسرات سے لگایا جاسکتا ہے۔ اولاً یہ شرح کئی جلدوں پر مشتمل تھی پھر اس شرح کو ایک جلد میں اختصار کیا، عربی زبان میں شائع و عام ہے اب اس کا اردو ترجمہ بھی دستیاب ہے جس کو حضرت علامہ عبدالحکیم شرف قادری مدظلہ العالی شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ لاہور نے فرمایا جو نہایت آسان اور سلیس زبان میں ہے۔

۲۔ شرح شیخ زروق مغربی علیہ الرحمہ: یہ شرح بھی عربی زبان میں ہے اس کا کوئی نسخہ دستیاب نہ ہوسکا۔

۳۔ بلوغ المسرات علی دلائل الخیرات: یہ علامہ یوسف نبہانی علیہ الرحمہ کے شیخ علامہ حسن عدوی مصری علیہ الرحمہ کا دلائل الخیرات پر عربی زبان میں حاشیہ ہے۔

۴۔ مزرع الحسنات: یہ شرح فارسی زبان میں ہے۔

۵۔ الدلالات الواضحات: یہ علامہ یوسف نبہانی سابق رئیس محکمۃ الحقوق بیروت کا دلائل الخیرات پر نہایت مختصر مگر جامع حاشیہ ہے جس میں مشکل الفاظ کے معانی اور ابتداء میں پندرہ فوائد پر مشتمل نہایت مفید مقدمہ ہے۔ پھر آخر میں اکانوے ایمان افروز خوابوں کا ذکر ہے اور سب سے آخر میں حجۃ الاسلام امام غزالی علیہ الرحمہ کا رسالہ قواعد العقائد بھی شامل ہے۔

دلائل الخیرات کے پڑھنے کے طریقے: یہ درود وسلام کا عظیم الشان اور نہایت مقبول مجموعہ آٹھ حزبوں پر مشتمل ہے جسے صاحب دلائل نے دو نصف، تین ثلث اور چار ربع پر منقسم فرمایا جس کو عرصہ دراز سے مشائخ کرام بطور وظیفہ اپنے مشائخ عظام سے اجازت حاصل کرکے پڑھتے چلے آرہے ہیں۔ بزرگوں سے مختلف طریقوں سے پڑھنا

منقول ہے ان میں سے چند طریقے ذیل میں درج کیے جاتے ہیں۔

(۱) بعض مشائخ پوری دلائل شریف از اول تا آخر روزانہ مکمل پڑھتے رہے ہیں۔

(۲) بعض دو چار ایام میں مکمل ورد فرماتے۔

(۳) بعض مشائخ ہفتہ میں ختم کرتے ہیں کہ پہلا حزب پیر سے شروع کرتے ہیں اور آئندہ پیر کو آٹھواں حزب ختم کر کے اسی دن پہلا حزب پڑھتے ہیں۔ بعض مشائخ فرماتے ہیں کہ فضائل درود شریف اور اسمائے مبارکہ روزانہ پڑھا جائے تو بہتر ہے یا کم سے کم کبھی کبھی پڑھ لیا کریں۔

(۴) ایک نسخہ میرے پاس لاہور کا چھپا ہوا ہے جس کو عالی جناب محمد عارف صاحب قادری ضیائی نے اپنی نگرانی میں چھپوایا ہے جنہوں نے اپنے آپ کو حضرت قطب مدینہ شیخ المشائخ خلیفۂ امام اہلسنت مولانا ضیاء الدین مدنی رضوی علیہ الرحمہ کا مرید اور دلائل شریف کا مجاز ظاہر کیا

ہے انہوں نے دلائل شریف کو آٹھ حزبوں کے بجائے سات حزبوں پر مشتمل کیا ہے جبکہ صاحب دلائل نے آٹھ حزبوں پر مشتمل تحریر فرمایا دنیا میں اب تک جتنے نسخے نظر نواز ہوئے سب آٹھ حزبوں پر مشتمل ہیں خود میرے پاس کئی نسخے سو سال سے بھی زائد قدیم ہیں اور سب سے بہترین شرح حضرت علامہ محمد مہدی فاسی علیہ الرحمہ کی مطالع المسرات میں بھی آٹھ ہی حزب ہیں اگر انہوں نے عوام کی آسانی کے لئے کیا ہو تو انہیں اس کی وضاحت کرنی چاہئے تاکہ کسی کو خیانت کا الزام عائد کرنے کا حق نہ رہے بہر حال مصنف کی امانت میں ایسا کرنا شرعاً بلکہ کسی لحاظ سے درست نہیں بہر کیف انہوں نے پڑھنے کا ایک طریقہ اس طرح درج کیا ہے منگل سے پہلا حزب شروع کیا جائے اور پیر کو ختم کیا جائے اور ہر روز اسمائے حسنیٰ جل جلالہ اور اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پھر دعائے نیت اور خطبہ پڑھ کر حزب پڑھیں پھر دعائے اختتام پڑھیں۔

(۵) حزب اول پیر کے دن اور حزب ثانی منگل کو اور حزب ثالث بدھ کو اور حزب رابع جمعرات کو اور حزب خامس جمعہ کو اور حزب سادس ہفتہ کو اور حزب سابع اتوار کو اور پیر کو حزب ثامن مع دعائے اختتام پڑھ کر حزب اول پڑھلیں اور ہر روز حزب شروع کرنے سے پہلے اسمائے حسنیٰ جل جلالہٗ شریف بھی پڑھلیں اور حزب پڑھنے کے بعد سورۃ الفاتحہ شریف ایک بار اور سورۃ الاخلاص شریف تین بار پڑھ کر اصحاب کرام علیہم رحمۃ الرحمٰن اور صاحب دلائل و تمام مشائخ قادریہ وغیرہم کو ایصال ثواب کیا جائے اور والد ماجد محدث کبیر نے حافظ ملت علیہ الرحمہ سے اسی طرح روایت فرمایا اور وقار الملت والدین مفتی محمد وقار الدین نے بھی اسی طرح پڑھنے کا طریقہ احقر کو بتایا احقر العباد اسی طرح پڑھتا ہے۔

مزید وضاحت: پیر کو اول اسمائے حسنیٰ شریف پھر دعائے

افتتاح، خطبہ (الحمد للہ الذی ھدانا .... البررۃ الکرام)، آیت درود تسلیما تک پڑھ کر قدرے توقف کرے گویا درود وسلام بھیجنے کے لئے جی جان سے حاضر ہے لبیک کہہ کر اسماء النبی ﷺ پڑھے ہر اسم شریف سے پہلے سیدنا اور آخر میں درود (ﷺ) کا اہتمام رکھے، حزب اول مکمل اور حزب ثانی کے اجلی معافی تک پڑھے، منگل کو حزب ثانی از اول تا آخر، بدھ کو حزب ثالث مکمل، جمعرات کو حزب رابع مکمل، جمعہ کو حزب رابع اللّٰھم انی اسئلك بحقك الخ سے حزب سادس کے ثلث ثالث تک، ہفتہ کو حزب سادس مکمل، اتوار کو حزب سادس (و اسئلك اللّٰھم بحق ما اقسمت) سے آخر حزب سابع تک، پیر کو حزب ثامن مکمل دعائے اختتام پھر ابتداء میں لکھے ہوئے پیر کا مکمل وظیفہ پڑھے۔ اور ہر روز سب سے پہلے اسمائے حسنیٰ شریف پڑھے پھر ہر دن کا وظیفہ مکمل کر کے

ایک بار سورۂ فاتحہ شریف تین بار سورۂ اخلاص شریف پڑھ کر تمام صحابہ کرام اور صاحب دلائل و تمام مشائخ قادریہ کو ایصالِ ثواب کرے۔

آدابِ قرأتِ دلائل الخیرات: تصحیح عقائد کے بعد تمام فرائض وواجبات اور سنتوں کو ادا کرے تمام احکام کی بجا آوری اور منہیات سے اجتناب اور تمام حقوق کا لحاظ رکھے خاص طور پر بددینوں سے لاتعلقی اور حقوق العباد کو ملحوظ رکھے اور بغض وحسد اور ریا وعجب اور تکبر وتعصب سے دل کو پاک وصاف رکھے کیونکہ یہ سب امور انسانیت کے منافی اور برائی کی طرف راغب ومائل کرتے ہیں پھر طہارتِ ظاہری وباطنی سے آراستہ ہو اور مسواک کے ساتھ وضو کر کے خوشبو لگائے اور قبلہ رو بیٹھ کر اخلاص وانہماک اور حضورِ دل کے ساتھ دلائل الخیرات کا ورد کرے اور صحت الفاظ، تفہیم میں معانی کا لحاظ رکھے درود پڑھتے وقت یہ سمجھے کہ حضور فخر موجودات صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور پر نور میں درود بھیج رہا

ہوں آپ ﷺ خود بلا واسطہ سماعت فرما رہے ہیں۔ دلائل الخیرات کی تلاوت کے وقت کسی سے بات چیت نہ کرے پاکیزہ وصاف ستھری جگہ پڑھے پھر اس کی برکات کی جلوہ گری دیکھے۔ علامہ محمد مہدی الفاسی مطالع المسرات میں تحریر فرماتے ہیں کہ دلائل الخیرات کے بعض قدیم نسخوں میں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں درود شریف پیش کرنے والے کا مقصد اللہ تبارک وتعالیٰ کے حکم کی تعمیل، حضور نبی کریم ﷺ کی تصدیق اور آپ ﷺ کی محبت اور آپ کے دیدار کا شوق اور آپ کے رتبۂ عظیم کی تعظیم وتکریم ہونا چاہیے اور یہ عقیدہ ہو کہ آپ ان تمام امور کے مستحق ہیں (مطالع المسرات ص ۱۵۵)

وفات: صاحب الدلائل علامہ جزولی علیہ الرحمہ کے وصال شریف کا مختصر واقعہ یہ ہے کہ آسفی کے حاکم نے یہ خیال کر کے کہ یہ وہی فاطمی سید ہیں جن کا انتظار کیا جا رہا ہے یعنی امام مہدی ہیں آپ کو زہر دے دیا چنانچہ

۱۶ ربیع النور شریف ۸۷۰ھ مطابق ۱۴۶۵ء کو آفر غال میں زہر کے اثر سے نماز فجر کی پہلی رکعت کے دوسرے سجدے یا دوسری رکعت کے پہلے سجدے میں آپ کا وصال ہوا اسی دن بعد نماز ظہر ایک مسجد کے قریب دفن کئے گئے جس مسجد کی بنیاد آپ ہی نے رکھی تھی (مطالع المسرات ص ۴) ایک روایت کے مطابق آپ کا وصال بر بر ملک کے شہر سوس میں ہوا اور وہیں ایک مسجد کے قریب دفن کئے گئے پھر ستہتر (۷۷) سال بعد آپ کا جسدِ اطہر سوس سے مراکش منتقل کیا گیا اور ریاض العروس مراکش کے مشہور قبرستان میں دفن کیا گیا آپ کے مزار پر انوار پر ایک عالی شان قبہ تعمیر کرایا گیا۔ جب آپ کا جسم مبارک قبر سے نکالا گیا تو بالکل تازہ اسی طرح تھا جیسا دفن کے دن تھا نہ مٹی نے اسے کچھ نقصان پہنچایا اور نہ اتنا طویل عرصہ گزرنے کے باوجود کوئی تغیر آیا۔

بعد وصال عظیم الشان کرامت: بعض

حاضرین نے آپ کے چہرۂ انور کو انگلی سے دبایا تو خون اپنے مقام سے ہٹ گیا جب انگلی اٹھائی تو خون دوبارہ اپنی جگہ پر آگیا جیسے زندوں میں ہوتا ہے۔آپ کے مزار پاک پر ہمہ وقت انوار و تجلیات کا نزول ہوتا ہے ہر وقت زائرین کی بھیڑ لگی رہتی ہے۔

مزارِ پر انوار : مراکش میں آپ کے مزارِ اقدس پر عظیم ہیبت وجلالت پائی جاتی ہے لوگ بڑی تعداد میں حاضر ہوتے ہیں اور دلائل الخیرات شریف پڑھتے ہیں۔حضور نبی کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم کی بارگاہ میں بکثرت درود وسلام پیش کرنے کی برکت سے آپ کی قبر انور سے کستوری کی خوشبو آتی ہے۔

سند اجازت : (۱) امام جزولی محمد بن سلیمان جزولی قدس سرہ العزیز نے دلائل الخیرات شریف کی اجازت (۲) احمد کو عطا کی انہوں نے (۳) محمد کو، انہوں نے (۴) احمد کو، انہوں نے

(۵) عبد الرحمٰن کو، انہوں نے (۶) احمد نخلی کو، انہوں نے (۷) ابو طاہر مکی کو، انہوں نے (۸) شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کو، انہوں نے (۹) عبد العزیز محدث دہلوی کو، انہوں نے (۱۰) آل رسول مارہروی اور نوری میاں کو، آپ دونوں نے (۱۱) امام اہلسنت کو، آپ نے (۱۲) مفتی اعظم ہند، صدر الشریعہ اور قطب مدینہ کو، مفتی اعظم ہند نے (۱۳) حافظِ ملت، وقار الملت، علامہ ارشد القادری، مفتی شریف الحق امجدی، تاج الشریعہ، محدث کبیر کو، صدر الشریعہ نے حافظِ ملت، وقار الملت، علامہ ارشد القادری، مفتی شریف الحق امجدی کو، اور قطب مدینہ نے مفتی شریف الحق امجدی کو، اور حافظِ ملت نے محدث کبیر کو، ان تمام (وقار الملت، علامہ ارشد القادری، مفتی شریف الحق امجدی، تاج الشریعہ، محدث کبیر) نے (۱۴) عطاء المصطفیٰ اعظمی (مترجم) کو اجازات عطا فرمائیں۔ شجرہ درج ذیل ہے:

(۱) امام جزولی محمد بن سلیمان جزولی قدس سرہ العزیز
(۲) شیخ احمد
(۳) شیخ محمد ادریسی
(۴) شیخ احمد ادریسی
(۵) شیخ عبدالرحمٰن ادریسی
(۶) شیخ احمد نخلی
(۷) شیخ ابوطاہر مدنی
(۸) شاہ ولی اللہ محدث دہلوی
(۹) شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی
(۱۰) شاہ آل رسول مارہروی
شاہ احمد میاں نوری
(۱۱) امام احمد رضا خان
(۱۲) صدر الشریعہ محمد امجد علی
مفتی اعظم ہند مصطفیٰ رضا خان
قطب مدینہ ضیاء الدین مدنی
(۱۳)
حافظ ملت
وقار الملت
علامہ ارشد القادری
مفتی شریف الحق امجدی
تاج الشریعہ
محدث کبیر
محدث کبیر
(۱۴) عطاء المصطفیٰ اعظمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی و نسلم علی حبیبہ الکریم

انی علی برکۃ اللہ تعالیٰ و برکۃ رسولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اجزت ولدی الاعز المولوی عطاء المصطفیٰ القادری

قراءۃ دلائل الخیرات و حزب البحر و دعاء المغنی و

والاسماء العظام الاربعین و جمیع الاوراد والوظائف

والاعمال کما اجازنی الشیخ الاکرم المفتی الاعظم

والشیخ المعظم استاذ العلماء حافظ الملۃ والدین

رحمہما اللہ تعالیٰ ۔۔۔ واوصیہ بالاستقامۃ علی

السنۃ والجماعۃ و بتقوی اللہ تعالیٰ فی السر والعلانیۃ

وان لا ینسانی فی الدعوۃ ۔ اسئل اللہ الکریم

ان ینفعہ نفعا وافرا و یرزقہ سعادۃ الدارین و

ھو حسبی و نعم الوکیل

[illegible]

۳ رجمادی الاولیٰ ۱۴۱۰ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لولیہ والصلوۃ والسلام علی حبیبہ وعلی آلہ وصحبہ
علی برکۃ اللہ تعالی ثم علی برکۃ رسولہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم
میں عزیز اسعد مولانا عطاء المصطفی زید مجدہم کو سلسلہ عالیہ
قادریہ برکاتیہ رضویہ احمدیہ مصطفویہ کی اور سلسلہ عالیہ سراجیہ
نوریہ چشتیہ کی اجازت دیتا ہوں، نیز تمام اوراد و اوفاق
عملیات دعا، حزب یمانی، حزب البحر، قصیدہ بردہ شریف
اور دلائل الخیرات کی بھی اجازت دیتا ہوں۔
نیز صحاح ستہ کی بھی۔ دعا ہے کہ مولی عزوجل عزیز موصوف کو
ان سب کی برکات سے متمتع فرمائے، اور ان کے ذریعہ
تمام مسلمانوں کو نفع پہنچائے۔ آمین۔
امید ہے کہ عزیز موصوف اس خادم آثم کو اپنی دعوات صالحہ
میں یاد رکھیں گے۔ محمد شریف الحق — نزیل لاہور
۱۳ ربیع النور ۱۴۱۷ھ
۲۸ اگست ۱۹۹۶ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم و علی آلہ و صحبہ اجمعین

فقیر کو جن اوراد و وظائف کی اجازت حضرت مفتی اعظم مولانا شاہ مصطفیٰ رضا خاں صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے حاصل ہے انکی اجازت عزیز گرامی قدر مولانا مختار المصطفیٰ سلمہ کو دیتا ہوں اور ان سے امید ہے دعا چاہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ خلوص سے عمل کی توفیق عطا فرمائے اور ریا و عجب سے محفوظ رکھے

فقیر وقار الدین غفرلہ

۳ صفر المظفر ۱۴۱۰ھ

۴ ستمبر ۸۹ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی و نسلم علی رسولہ الکریم

انی علی برکۃ اللہ تعالی و علی برکۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ و علی الہ و صحبہ اجمعین و بارك و سلم اجزت قرأۃ دلائل الخیرات و حزب البحر الاعز ____________________

کما اجازنی الشیخ الافخم المحدث الکبیر ممتاز الفقہاء العلام ضیاء المصطفی الاعظمی و الشیخ الاکرم قاضی القضاۃ فی الھند تاج الشریعۃ المفتی اختر الرضا الازھری و المفتی الاعظم لپاکستان وقار الملۃ و الدین محمد وقار الدین و رئیس التحریر العلامۃ ارشد القادری و الشارح البخاری المفتی الاعظم محمد شریف الحق الامجدی و غیرھم و اوصیہ بالاستقامۃ علی السنۃ و الجماعۃ و بتقوی اللہ عز و جل فی السر و العلانیۃ و ان لا ینسانی فی الدعوات و ادعو لہ ان ینفعہ اللہ تعالی بہ نفعا کثیرا و یرزقہ سعادۃ الدارین۔

عطاء المصطفی الاعظمی

الارخ ____________________

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ الۡعَظِیۡمَ ۔ ثَلٰثًا

میں اللہ بزرگ و برتر سے مغفرت طلب کرتا ہوں۔ (تین بار)

سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ ۔ ثَلٰثًا

اللہ کی پاکی اور تمام خوبیاں اللہ کے لئے ہیں۔ (تین بار)

حَسۡبِیَ اللّٰہُ وَ نِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ ۔ ثَلٰثًا

مجھے اللہ کافی ہے اور وہی بہترین کام بنانے والا ہے۔ (تین بار)

اَلۡاِخۡلَاصُ بِاَعُوۡذُ مَعَ الۡبَسۡمَلَۃِ ۔ ثَلٰثًا

سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ شریف) اعوذ باللہ اور بسم اللہ کے ساتھ (تین بار)

اَلۡمُعَوَّذَتَیۡنِ مَعَ الۡبَسۡمَلَۃِ ۔

سورۂ فلق اور سورۂ ناس بسم اللہ کے ساتھ

اَلۡفَاتِحَۃُ مَعَ الۡبَسۡمَلَۃِ ۔

سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) بسم اللہ کے ساتھ

اَسْمَآءُ اللّٰهِ الْحُسْنٰی

اللہ تعالیٰ کے مقدس نام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

اَللّٰهُ جل جلاله
اللہ اس کی شان بلند ہے

اَلرَّحْمٰنُ جل جلاله
بہت مہربان اس کی شان بلند ہے

اَلرَّحِیْمُ جل جلاله
بہت رحم فرمانے والا اس کی شان بلند ہے

اَلْمَلِكُ جل جلاله
بادشاہ اس کی شان بلند ہے

اَلْقُدُّوْسُ جل جلاله
بہت پاک اس کی شان بلند ہے

اَلسَّلَامُ جل جلاله
سلامت رکھنے والا اس کی شان بلند ہے

اَلْمُؤْمِنُ جل جلاله
امن دینے والا اس کی شان بلند ہے

اَلْمُهَیْمِنُ جل جلاله
نگہبان اس کی شان بلند ہے

اَلْعَزِیْزُ جل جلاله
(سب پر) غالب اس کی شان بلند ہے

اَلْجَبَّارُ جل جلاله
نقصان پورا کرنے والا/خرابی ٹھیک کرنے والا اس کی شان بلند ہے

اَلْمُتَكَبِّرُ جل جلاله
بڑی عظمت والا اس کی شان بلند ہے

اَلْخَالِقُ جل جلاله
پیدا کرنے والا اس کی شان بلند ہے

اَلْبَارِئُ جل جلالہ	اَلْمُصَوِّرُ جل جلالہ
ابتداء سے پیدا کرنے والا اس کی شان بلند ہے	صورت بنانے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْغَفَّارُ جل جلالہ	اَلْقَهَّارُ جل جلالہ
بہت بخشنے والا اس کی شان بلند ہے	بہت غلبہ والا اس کی شان بلند ہے
اَلْوَهَّابُ جل جلالہ	اَلرَّزَّاقُ جل جلالہ
بہت دینے والا اس کی شان بلند ہے	بہت روزی دینے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْفَتَّاحُ جل جلالہ	اَلْعَلِيْمُ جل جلالہ
کاموں کا کھولنے والا اس کی شان بلند ہے	جاننے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْقَابِضُ جل جلالہ	اَلْبَاسِطُ جل جلالہ
تنگی کرنے والا اس کی شان بلند ہے	کھولنے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْخَافِضُ جل جلالہ	اَلرَّافِعُ جل جلالہ
پست کرنے والا اس کی شان بلند ہے	بلند کرنے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْمُعِزُّ جل جلالہ	اَلْمُذِلُّ جل جلالہ
عزت دینے والا اس کی شان بلند ہے	ذلت دینے والا اس کی شان بلند ہے
اَلسَّمِيْعُ جل جلالہ	اَلْبَصِيْرُ جل جلالہ
سننے والا اس کی شان بلند ہے	دیکھنے والا اس کی شان بلند ہے

اَلْحَكَمُ جل جلالہ	اَلْعَدْلُ جل جلالہ
فیصلہ فرمانے والا اس کی شان بلند ہے	انصاف کرنے والا اس کی شان بلند ہے
اَللَّطِيْفُ جل جلالہ	اَلْخَبِيْرُ جل جلالہ
مہربانی کرنے والا اس کی شان بلند ہے	خبر رکھنے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْحَلِيْمُ جل جلالہ	اَلْعَظِيْمُ جل جلالہ
بردبار (نرمی کرنے والا) اس کی شان بلند ہے	بزرگ و برتر اس کی شان بلند ہے
اَلْغَفُوْرُ جل جلالہ	اَلشَّكُوْرُ جل جلالہ
بخشنے والا اس کی شان بلند ہے	شکر کرنے والوں کو عطا فرمانے والا/شکر قبول فرمانے والا جل جلالہ
اَلْعَلِيُّ جل جلالہ	اَلْكَبِيْرُ جل جلالہ
بلند و بالا مرتبہ والا اس کی شان بلند ہے	سب سے بڑا اس کی شان بلند ہے
اَلْحَفِيْظُ جل جلالہ	اَلْمُقِيْتُ جل جلالہ
حفاظت فرمانے والا اس کی شان بلند ہے	قوت عطا فرمانے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْحَسِيْبُ جل جلالہ	اَلْجَلِيْلُ جل جلالہ
کفایت کرنے والا/حساب لینے والا اس کی شان بلند ہے	عظمت والا اس کی شان بلند ہے
اَلْكَرِيْمُ جل جلالہ	اَلرَّقِيْبُ جل جلالہ
کرم فرمانے والا اس کی شان بلند ہے	سب کا نگہبان اس کی شان بلند ہے

اَلْمُجِیْبُ جل جلالہ	اَلْوَاسِعُ جل جلالہ
دعا قبول کرنے والا اس کی شان بلند ہے	فراخی/وسعت عطا کرنے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْحَکِیْمُ جل جلالہ	اَلْوَدُوْدُ جل جلالہ
حکمت والا اس کی شان بلند ہے	بہت دوست رکھنے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْمَجِیْدُ جل جلالہ	اَلْبَاعِثُ جل جلالہ
بزرگی والا اس کی شان بلند ہے	بھیجنے والا/اٹھانے والا اس کی شان بلند ہے
اَلشَّھِیْدُ جل جلالہ	اَلْحَقُّ جل جلالہ
موجود (ظاہر و باطن کا جاننے والا) جل جلالہ	اپنی ذات کو ثابت کرنے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْوَکِیْلُ جل جلالہ	اَلْقَوِیُّ جل جلالہ
کارساز/کام بنانے والا اس کی شان بلند ہے	قوت والا اس کی شان بلند ہے
اَلْمَتِیْنُ جل جلالہ	اَلْوَلِیُّ جل جلالہ
قدرت والا (مضبوط) اس کی شان بلند ہے	دوست رکھنے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْحَمِیْدُ جل جلالہ	اَلْمُحْصِیْ جل جلالہ
تعریف کیا ہوا اس کی شان بلند ہے	گھیرنے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْمُبْدِئُ جل جلالہ	اَلْمُعِیْدُ جل جلالہ
ابتداء سے پیدا کرنے والا اس کی شان بلند ہے	دوبارہ زندہ فرمانے والا اس کی شان بلند ہے

اَلْمُحْيِي جل جلالہ	اَلْمُمِيْتُ جل جلالہ
زندہ کرنے والا اس کی شان بلند ہے	موت دینے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْحَيُّ جل جلالہ	اَلْقَيُّوْمُ جل جلالہ
آپ زندہ اس کی شان بلند ہے	ہمیشہ رہنے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْوَاجِدُ جل جلالہ	اَلْمَاجِدُ جل جلالہ
پانے والا اس کی شان بلند ہے	بزرگی والا اس کی شان بلند ہے
اَلْوَاحِدُ جل جلالہ	اَلْاَحَدُ جل جلالہ
اکیلا اس کی شان بلند ہے	ایک/تنہا اس کی شان بلند ہے
اَلصَّمَدُ جل جلالہ	اَلْقَادِرُ جل جلالہ
بے نیاز اس کی شان بلند ہے	قدرت رکھنے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْمُقْتَدِرُ جل جلالہ	اَلْمُقَدِّمُ جل جلالہ
قدرت ظاہر کرنے والا اس کی شان بلند ہے	آگے کرنے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْمُؤَخِّرُ جل جلالہ	اَلْاَوَّلُ جل جلالہ
پیچھے کرنے والا اس کی شان بلند ہے	سب سے پہلا اس کی شان بلند ہے
اَلْاٰخِرُ جل جلالہ	اَلظَّاهِرُ جل جلالہ
سب سے پچھلا اس کی شان بلند ہے	آشکار (ظاہر ہونے والا) اس کی شان بلند ہے

اَلْبَاطِنُ جل جلالہ	اَلْوَالِیْ جل جلالہ
پوشیدہ اس کی شان بلند ہے	کام بنانے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْمُتَعَالِیْ جل جلالہ	اَلْبَرُّ جل جلالہ
بہت بلند و برتر اس کی شان بلند ہے	احسان فرمانے والا اس کی شان بلند ہے
اَلتَّوَّابُ جل جلالہ	اَلْمُنْتَقِمُ جل جلالہ
بہت توبہ قبول فرمانے والا اس کی شان بلند ہے	بدلہ لینے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْعَفُوُّ جل جلالہ	اَلرَّءُوْفُ جل جلالہ
معاف فرمانے والا اس کی شان بلند ہے	بہت مہربان اس کی شان بلند ہے

مَالِکُ الْمُلْکِ جل جلالہ

ساری دنیا کا بادشاہ اس کی شان بلند ہے

ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ جل جلالہ

عظمت و بزرگی والا اس کی شان بلند ہے

اَلْمُقْسِطُ جل جلالہ	اَلْجَامِعُ جل جلالہ
انصاف فرمانے والا اس کی شان بلند ہے	اکٹھا فرمانے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْغَنِیُّ جل جلالہ	اَلْمُغْنِیُّ جل جلالہ
بے پرواہ اس کی شان بلند ہے	بے پرواہ فرمانے والا اس کی شان بلند ہے

اَلْمُعْطِی جل جلالہ	اَلْمَانِعُ جل جلالہ
دینے والا اس کی شان بلند ہے	منع کرنے والا اس کی شان بلند ہے
اَلضَّآرُّ جل جلالہ	اَلنَّافِعُ جل جلالہ
نقصان پہنچانے والا اس کی شان بلند ہے	نفع پہنچانے والا اس کی شان بلند ہے
اَلنُّوْرُ جل جلالہ	اَلْهَادِی جل جلالہ
روشن کرنے والا اس کی شان بلند ہے	راہ دکھانے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْبَدِیْعُ جل جلالہ	اَلْبَاقِی جل جلالہ
نیا پیدا کرنے والا اس کی شان بلند ہے	ہمیشہ رہنے والا اس کی شان بلند ہے
اَلْوَارِثُ جل جلالہ	اَلرَّشِیْدُ جل جلالہ
مالک/ہمیشہ رہنے والا اس کی شان بلند ہے	رہنمائی فرمانے والا اس کی شان بلند ہے
اَلصَّبُوْرُ جل جلالہ	اَلسَّتَّارُ جل جلالہ
بڑا بردبار (تحمل کرنے والا) اس کی شان بلند ہے	عیب چھپانے والا اس کی شان بلند ہے

تَمَّتْ بِالْخَیْرِ وَ الْعَافِیَۃِ

خیر و عافیت کے ساتھ ختم ہوئے

وَاِذَا رَأَیْتَ النَّفْسَ مِنْکَ تَحَکَّمَتْ ○

اور جب تم اپنے نفس کو دیکھو کہ تم پر جبر کرتا ہے

وَغَدَتْ تَقُوْدُکَ فِیْ لَظَی الشَّهَوَاتِ ○

اور تم کو لذتوں کے شعلوں میں کھینچتا ہے

فَاصْرِفْ هَوَاهَا بِالصَّلٰوةِ مُوَاظِبًا ○

تو نفس کی خواہشوں کو ہمیشہ درود کے ذریعہ دور کرو

لَا سِیَّمَا بِدَلَآئِلِ الْخَیْرٰتِ ○

خاص کر دلائل الخیرات (وظیفہ) کے ذریعہ

بِدَلَآئِلِ الْخَیْرٰتِ کُنْ مُتَمَسِّکًا ○

دلائل الخیرات (کے وظیفہ) کو ہمیشہ کے لئے اپنالو

وَ اَلْزِمْ قِرَآئَتَهَا تَنَلْ مَا تَبْتَغِیْ ○

اور اس کا پڑھنا لازم کر لو تو تم جو چاہو گے پاؤ گے

فَشَوَارِقُ الْاَنْوَارِ لَآئِحَةٌ بِهَا ○

اس کے ذریعہ انوار کی روشنیاں چمکتی ہیں

فَالتَّرْکُ مِنْکَ لَهَآ اَخِیْ لَایَنْبَغِیْ ○

لہٰذا اے میرے بھائی! اس (دلائل الخیرات) کو چھوڑنا اچھا نہیں

دُعَآءُ الْاِفْتِتَاح

دلائل الخیرات شروع کرنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ

اور اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر درود وسلام

سَلَّمَ اِلٰھِیْ بِجَاہِ نَبِیِّکَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ

بھیج۔ اے میرے اللہ! اپنے نبی ہمارے سردار محمد ﷺ کے طفیل

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عِنْدَکَ وَمَکَانَتِہٖ لَدَیْکَ وَ مَحَبَّتِکَ

اور آپ کے اس مرتبے کے جو تیری بارگاہ میں ہے اور تیری ان سے اور ان کی تجھ سے

لَہٗ وَمَحَبَّتِہٖ لَکَ○ وَبِالسِّرِّ الَّذِیْ بَیْنَکَ وَبَیْنَہٗ○

محبت کے صدقے اور اس بھید کے صدقے جو تیرے اور ان کے درمیان ہے،

اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ وَ تُسَلِّمَ عَلَیْہِ وَ عَلٰٓی اٰلِہٖ وَ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں آپ پر اور آپ کی اولاد اور آپ کے اصحاب

صَحْبِہٖ وَ ضَاعِفِ اللّٰھُمَّ مَحَبَّتِیْ فِیْہِ وَ عَرِّفْنِیْ

پر درود وسلام بھیجنے کا۔ اور اے اللہ! ان سے میری محبت کو دوگنی فرما اور ان کے حق

بِحَقِّهٖ وَرُتَبِهٖ وَ وَفِّقْنِیْ لِاِتِّبَاعِهٖ وَالْقِیَامِ بِاَدَبِهٖ

اور مرتبہ کی معرفت عطا فرما اور مجھے ان کی پیروی کرنے اور ان کے آداب وسنت بجالانے

وَ سُنَّتِهٖ وَ اجْمَعْنِیْ عَلَیْهِ وَ مَتِّعْنِیْ بِرُؤْیَتِهٖ وَ

کی توفیق دے اور اس پر مجھے اطمینان عطا فرما اور ان کی زیارت سے مجھے نفع دے اور

اَسْعِدْنِیْ بِمُکَالَمَتِهٖ وَ ارْفَعْ عَنِّی الْعَوَآئِقَ وَ

ان کے ساتھ کلام کرنے کی سعادت عطا فرما اور مجھ سے رکاوٹیں اور

الْعَلَآئِقَ وَ الْوَسَآئِطَ وَ الْحِجَابَ وَشَنِّفْ سَمْعِیْ

گھاٹیاں اور واسطے اور پردے دور فرما اور ان کے ساتھ میرے کانوں کو خطاب

مَعَهٗ بِلَذِیْذِ الْخِطَابِ ۵ وَ هَیِّئْنِیْ لِلتَّلَقِّیْ مِنْهُ وَ

کی لذتیں سنا اور مجھے ان سے ملنے کا لائق بنا اور

اَهِّلْنِیْ لِخِدْمَتِهٖ ۵ وَ اجْعَلْ صَلٰوتِیْ عَلَیْهِ نُوْرًا

ان کی خدمت کا مجھے اہل بنادے۔ اور ان پر میرے درود کو چمکتا

نَیِّرًا کَامِلًا مُّکَمَّلًا طَاهِرًا مُّطَهَّرًا مَّاحِیًا کُلَّ

ہوا کامل مکمل طاہر و پاکیزہ اور ہر

ظُلْمٍ وَّظُلْمَةٍ وَّشَكٍّ وَّ شِرْكٍ وَّ كُفْرٍ وَّزُوْرٍ وَّوِزْرٍ

ظلم وتاریکی اور شک وشبہ اور شرک وکفر اور فریب وگناہ کو مٹانے والا روشن بنادے

وَّاجۡعَلۡهَا سَبَبًا لِّلتَّمۡحِيۡصِ وَ مَرۡقًى لِّاَنَالَ بِهَآ

اور درود کو خلوص و ترقی کا سبب بنا دے تاکہ میں اس درود کے ذریعہ

اَعۡلٰى مَقَامِ الۡاِخۡلَاصِ وَ التَّخۡصِيۡصِ حَتّٰى لَا

محبت و خصوصیت کے بلند مقام کو پہنچ جاؤں یہاں تک کہ

يَبۡقٰى فِىَّ رَبَّانِيَّةٌ لِّغَيۡرِكَ وَ حَتّٰى اَصۡلُحَ لِحَضۡرَتِكَ

مجھ میں تیرے علاوہ کسی اور کی عبادت (کی صلاحیت) باقی نہ رہے اور میں تیری بارگاہ کے قابل

وَ اَكُوۡنَ مِنۡ اَهۡلِ خُصُوۡصِيَّتِكَ مُسۡتَمۡسِكًا

اور میں تیرے خاص بندوں میں سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ادب و سنت کا مضبوط پکڑنے والا

بِاَدَبِهٖ وَ سُنَّتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ مُسۡتَمِدًّا

ہو جاؤں۔ اللہ کا درود و سلام ہو آپ پر ہر وقت اور ہر زمانہ میں

مِّنۡ حَضۡرَتِهِ الۡعَالِيَةِ فِىۡ كُلِّ وَقۡتٍ وَّحِيۡنٍ ○

ان کی بلند بارگاہ کی مدد کا طلبگار ہوں۔

يَآ اَللّٰهُ يَا نُوۡرُ يَا حَقُّ يَا مُبِيۡنُ ○ ثَلٰثًا ○

اے اللہ! اے نور! اے حق! اے مبین! (تین بار)

مُقَدِّمَہ

مقدمہ (پیش لفظ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تمام خوبیاں اللہ کے لئے اور درود و سلام نازل ہو ہمارے سردار محمد ﷺ

وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ ○ قَالَ الشَّیْخُ الْاِمَامُ

اور آپ کی آل اور اصحاب پر اور سلامتی ہو۔ شیخ، امام،

الْوَلِیُّ الْکَبِیْرُ الْقُطْبُ الشَّہِیْرُ سُلْطَانُ الْمُقَرَّبِیْنَ

بہت بڑے ولی، مشہور قطب، تمام مقرب ولیوں کے بادشاہ

وَقُطْبُ دَآئِرَۃِ الْمُحَقِّقِیْنَ ○ وَسَیِّدُ الْعَارِفِیْنَ ○

اور محققین کی جماعت کے قطب، عارفوں (اللہ کی معرفت سے سرشاروں) کے سردار،

صَاحِبُ الْکَرَامَاتِ الظَّاہِرَۃِ وَاَسْرَارِ الْبَاہِرَۃِ ○

ظاہری کراماتوں کے مالک، روشن اسرار والے،

سَیِّدِیْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَیْمَانَ الْجَزُوْلِیُّ

سیدی ابو عبداللہ محمد بن سلیمان جزولی

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ ○

(اللہ ان سے راضی ہو)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ

اور اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے اصحاب پر درود

سَلَّمَ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ هَدٰنَا لِلْاِيْمَانِ وَ

وسلام بھیجے۔ تمام خوبیاں اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں ایمان اور

الْاِسْلَامِ ○ وَ الصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا

اسلام کی راہ دکھائی۔ اور درود وسلام نازل ہو ہمارے سردار

مُحَمَّدٍ نَّبِيِّهِ الَّذِىْ اسْتَنْقَذَنَا بِهٖ مِنْ عِبَادَةِ

محمد ﷺ پر جو اللہ کے ایسے نبی ہیں جن کے ذریعہ اللہ نے ہمیں بتوں اور مورتیوں

الْاَوْثَانِ وَ الْاَصْنَامِ ○ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهِ النُّجَبَآءِ

کی عبادت کرنے سے بچایا اور آپ کی آل واصحاب پر درود وسلام ہو جو برگزیدہ،

الْبَرَرَةِ الْكِرَامِ ○ وَ بَعْدَ هٰذَا فَالْغَرْضُ فِىْ

نیکوکار، بزرگ ہیں۔ اور اس (حمد وصلاۃ اور سلام) کے بعد، اس کتاب میں نبی ﷺ پر

هٰذَا الْكِتَابِ ذِكْرُ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى

درود وسلام اور اس کے فضائل کا ذکر کرنا

اللہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ وَفَضَآئِلُھَا نَذۡکُرُھَا مَحۡذُوۡفَۃَ

مقصود ہے۔ ہم درود کے فضائل اس کی سندوں کو حذف

الۡاَسَانِیۡدِ لِیَسۡھُلَ حِفۡظُھَا عَلَی الۡقَارِئِ وَھِیَ

کر کے ذکر کرتے ہیں تاکہ پڑھنے والے پر اس کا یاد کرنا آسان ہو جائے اور پروردگار عالم

مِنۡ اَھَمِّ الۡمُھِمَّاتِ لِمَنۡ یُّرِیۡدُ الۡقُرۡبَ مِنۡ رَّبِّ

کے قرب کا ارادہ کرنے والے کے لئے یہی تمام مقاصد میں سے اہم

الۡاَرۡبَابِ○ وَسَمَّیۡتُہٗ بِکِتَابِ دَلَآئِلِ الۡخَیۡرٰتِ وَ

اور عمدہ مقصد ہے۔ اور میں نے اس کتاب کا نام دلائل الخیرات و

شَوَارِقِ الۡاَنۡوَارِ فِیۡ ذِکۡرِ الصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ

شوارق الانوار فی ذکر الصلوٰۃ علی النبی المختار رکھا (نیکیوں کی دلیلیں اور انوار کی روشنیاں چنے ہوئے نبی پر

الۡمُخۡتَارِ○ اِبۡتِغَآءً لِّمَرۡضَاتِ اللہِ تَعَالٰی وَمَحَبَّۃً

درود بیان کرنے میں) اللہ تعالیٰ کی رضا چاہتے ہوئے اور اس کے مکرم رسول

فِیۡ رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ

ہمارے سردار محمد ﷺ کی محبت میں اللہ ان پر درود

وَسَلَّمَ تَسۡلِیۡمًا○ وَاللہُ الۡمَسۡئُوۡلُ اَنۡ یَّجۡعَلَنَا

اور خوب سلام بھیجے اور اللہ ہی سے سوال کیا جاتا ہے کہ وہ ہمیں

لِسُنَّتِهٖ مِنَ التَّابِعِيْنَ ○ وَلِذَاتِهِ الْكَامِلَةِ مِنَ

آپ کی سنت کی پیروی کرنے والوں اور اس کی کامل ذات سے محبت کرنے والوں

الْمُحِبِّيْنَ ○ فَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيْرٌ ○ لَآ اِلٰهَ غَيْرُهٗ

میں سے بنادے۔ اس لئے کہ وہی اس پر قادر ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں

وَلَا خَيْرَ اِلَّا خَيْرُهٗ ○ وَهُوَ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ

اور اس کی بھلائی کے سوا کوئی بھلائی نہیں اور وہی بہتر مولا اور بہترین

النَّصِيْرُ ○ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ

مددگار ہے۔ اور گناہوں سے بچنے اور نیکی کی طاقت نہیں مگر اللہ بزرگ و برتر

الْعَظِيْمِ ○

کی توفیق سے۔

فَصْلٌ فِيْ فَضْلِ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ

فصل نبی کریم پر درود بھیجنے کی فضیلت میں

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ○

(اللہ ان پر درود و سلام بھیجے)

قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ

اللہ بزرگ و برتر فرماتا ہے بے شک اللہ اور اس کے فرشتے (غیب بتانے والے) نبی

عَلَى النَّبِيِّ ط يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ

پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو! تم ان پر درود بھیجو اور خوب خوب

سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○ لَبَّيْكَ وَ يُرْوٰى اَنَّ رَسُوْلَ

سلام بھیجو (درود وسلام بھیجنے کو جی جان سے) حاضر ہوں۔ ۱) اور روایت بیان کی جاتی ہے کہ

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ جَآءَ ذَاتَ يَوْمٍ وَّ

رسول اللہ (اللہ ان پر درود و سلام بھیجے) ایک دن تشریف لائے اور آپ کے

الْبُشْرٰى تُرٰى فِيْ وَجْهِهٖ فَقَالَ اِنَّهٗ جَآءَنِيْ جِبْرِيْلُ

چہرۂ اقدس میں خوشی کے آثار ظاہر تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس حضرت جبریل

عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ لِيْ اَمَا تَرْضٰى يَا مُحَمَّدُ اَنْ

علیہ السلام آئے انہوں نے مجھ سے کہا یا رسول اللہ! صلی اللہ علیہ وسلم کیا آپ اس سے راضی نہیں کہ

لَّا يُصَلِّيَ عَلَيْكَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِكَ اِلَّا صَلَّيْتُ

آپ کا کوئی امتی آپ پر ایک مرتبہ درود بھیجے تو میں

عَلَيْهِ عَشْرًا ○ وَلَا يُسَلِّمَ عَلَيْكَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِكَ

اس پر دس بار درود بھیجوں اور آپ کا کوئی امتی آپ پر ایک بار سلام بھیجے

اِلَّا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا ○ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

تو میں اس پر دس مرتبہ سلام بھیجوں۔ ۲) اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

وَسَلَّمَ اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِیْ اَکْثَرُھُمْ عَلَیَّ صَلٰوۃً○

لوگوں میں سے سب سے زیادہ میرے قریب وہ ہوگا جو مجھ پر سب سے زیادہ درود بھیجے گا۔

وَ قَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ

۳) اور آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص مجھ پر جب تک درود بھیجے گا

صَلَّتْ عَلَیْہِ الْمَلاَئِکَۃُ مَا دَامَ یُصَلِّیْ عَلَیَّ

فرشتے اس پر اس وقت تک درود بھیجیں گے

فَلْیُقَلِّلْ عِنْدَ ذٰلِکَ اَوْ لِیُکَثِّرْ○ وَ قَالَ صَلَّی اللّٰہُ

لہٰذا اب وہ کم درود بھیجے یا زیادہ۔ ۴) اور آپ ﷺ نے فرمایا

عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ بِحَسْبِ الْمَرْءِ مِنَ الْبُخْلِ اَنْ

آدمی کے بخیل ہونے کے لئے یہی کافی ہے کہ

اُذْکَرَ عِنْدَہٗ وَ لاَ یُصَلِّیْ عَلَیَّ○ وَ قَالَ صَلَّی اللّٰہُ

اس کے پاس میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔ ۵) اور آپ ﷺ نے

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَکْثِرُوا الصَّلٰوۃَ عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ

فرمایا جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجو

وَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مِنْ

۶) اور آپ ﷺ نے فرمایا میری امت سے جو مجھ

أُمَّتِيْ مَرَّةً وَّاحِدَةً كُتِبَتْ لَهٗ عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَّ

پر ایک بار درود بھیجے گا تو اس کے لئے دس نیکیاں لکھ دی جائیں گی اور

مُحِيَتْ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّاٰتٍ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اس کے دس گناہ مٹا دیئے جائیں گے۔ ۷) اور آپ ﷺ نے فرمایا

وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يَسْمَعُ الْاَذَانَ وَالْاِقَامَةَ ○

جو اذان و اقامت سن کر (یہ دعا) پڑھے

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَ الصَّلٰوةِ

اے اللہ! اس کامل ندا (پکار) اور قائم ہونے والی نماز کے رب!

الْقَآئِمَةِ اٰتِ سَيِّدَنَا مُحَمَّدٍ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ

ہمارے سردار محمد ﷺ کو مقام وسیلہ اور فضیلت

وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِيْ

اور بلند مرتبہ عطا فرما اور آپ کو اس مقام محمود پر فائز فرما جس کا تو نے ان سے

وَعَدْتَّهٗ حَلَّتْ لَهٗ شَفَاعَتِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ○ وَقَالَ

وعدہ فرمایا۔ تو قیامت کے دن اس کے لئے میری شفاعت حلال ہو گی۔ ۸) اور

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ فِيْ كِتَابٍ

آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص مجھ پر کتاب میں درود بھیجے گا

لَمْ تَزَلِ الْمَلَائِكَةُ تُصَلِّيْ عَلَيْهِ مَادَامَ اِسْمِیْ

تو فرشتے اس پر اس وقت تک درود بھیجتے رہیں گے جب تک میرا نام اس

فِیْ ذٰلِكَ الْكِتَابِ ○ وَقَالَ اَبُوْ سُلَيْمٰنَ الدَّارَانِیُّ

کتاب میں ہوگا۔ اور حضرت ابو سلیمان درانی نے فرمایا

مَنْ اَرَادَ اَنْ يَّسْئَلَ اللّٰهَ حَاجَتَهٗ فَلْيُكْثِرْ بِالصَّلٰوةِ

جو شخص اللہ سے اپنی حاجت مانگنا چاہے تو اسے چاہئے کہ نبی کریم ﷺ

عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَسْئَلُ اللّٰهَ

پر کثرت سے درود بھیجے پھر اللہ سے اپنی حاجت

حَاجَتَهٗ وَلْيَخْتِمْ بِالصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

طلب کرے اور اسے چاہئے کہ (دعا) نبی ﷺ پر درود بھیج کر ختم کرے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ الصَّلٰوتَيْنِ وَهُوَ

کہ اللہ تعالیٰ دونوں درودوں کو قبول فرماتا ہے اور وہ بڑا کریم ہے

اَكْرَمُ مِنْ اَنْ يَّدَعَ مَا بَيْنَهُمَا ○ وَرُوِیَ عَنْهُ

اس سے (بعید ہے؟) کہ وہ ان کے درمیان (کی دعا) کو چھوڑ دے۔ ۹) اور نبی ﷺ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ صَلّٰى عَلَیَّ

سے مروی ہے آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص مجھ پر

يَوْمَ الْجُمُعَةِ مِائَةَ مَرَّةٍ غُفِرَتْ لَهٗ خَطِيْئَتُهٗ

جمعہ کے دن سو مرتبہ درود بھیجے گا تو اس کے اسی (۸۰) سال کے گناہ

ثَمَانِيْنَ سَنَةً ۝ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

بخش دیے جائیں گے۔ ۱۰) اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

لِلْمُصَلِّيْ عَلَيَّ نُوْرٌ عَلَى الصِّرَاطِ وَمَنْ كَانَ عَلَى

مجھ پر درود بھیجنے والے کے لئے پل صراط پر ایک نور ہوگا اور جو

الصِّرَاطِ مِنْ اَهْلِ النُّوْرِ لَمْ يَكُنْ مِّنْ اَهْلِ

پل صراط پر نور والا ہوگا وہ جہنمی نہیں

النَّارِ ۝ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَّسِيَ

ہو سکتا۔ ۱۱) اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مجھ پر درود

الصَّلٰوةَ عَلَيَّ فَقَدْ اَخْطَأَ طَرِيْقَ الْجَنَّةِ وَ اِنَّمَا

بھیجنا بھول گیا بے شک وہ جنت کا راستہ بھول گیا اور یقیناً

اَرَادَ بِالنِّسْيَانِ التَّرْكَ وَاِذَا كَانَ التَّارِكُ يُخْطِئُ

بھولنے سے آپ کی مراد چھوڑنا ہے اور جب درود چھوڑنے والا جنت کا راستہ

طَرِيْقَ الْجَنَّةِ كَانَ الْمُصَلِّيْ عَلَيْهِ سَالِكًا اِلٰى

بھول گیا تو آپ پر درود بھیجنے والا جنت کے راستہ پر چلنے والا

الْجَنَّةِ ○ وَفِيْ رِوَايَةِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ رَضِيَ

ہے۔ ۱۲) اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت میں ہے

اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

وَسَلَّمَ جَآءَنِيْ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ

میرے پاس جبرئیل علیہ السلام آئے انہوں نے کہا

يَا مُحَمَّدُ لَا يُصَلِّيْ عَلَيْكَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِكَ اِلَّا

اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ کا جو امتی آپ پر درود بھیجے گا

صَلّٰى عَلَيْهِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ وَّمَنْ صَلَّتْ

اس پر ستر ہزار (۷۰۰۰۰) فرشتے درود بھیجیں گے اور جس پر فرشتے درود

عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ كَانَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ ○ وَقَالَ

بھیجیں گے وہ جنتی ہوگا۔ ۱۳) اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرُكُمْ عَلَيَّ صَلٰوةً

نے فرمایا تم میں سے جو مجھ پر کثرت سے درود بھیجے گا

اَکْثَرُکُمْ اَزْوَاجًا فِی الْجَنَّۃِ○ وَرُوِیَ عَنْہُ صَلَّی

جنت میں اس کی زیادہ بیویاں ہوں گی۔ ۱۴) اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی

اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوۃً

ہے کہ آپ نے فرمایا جو مجھ پر میرے حق کی تعظیم کے لئے

تَعْظِیْمًا لِّحَقِّیْ خَلَقَ اللہُ عَزَّوَجَلَّ مِنْ ذٰلِكَ الْقَوْلِ

درود بھیجے گا تو اللہ بزرگ و برتر اس درود سے ایک فرشتہ پیدا

مَلَکًا لَّہٗ جَنَاحٌ بِالْمَشْرِقِ وَ الْاٰخَرُ بِالْمَغْرِبِ وَ

فرمائے گا جس کا ایک پر مشرق میں ہوگا اور دوسرا پر مغرب میں اور

رِجْلَاہُ مَقْرُوْرَتَانِ فِی الْاَرْضِ السَّابِعَۃِ السُّفْلٰی

اس کے پاؤں سب سے نچلی ساتویں زمین میں ٹھہرے ہیں

وَ عُنُقُہٗ مُلْتَوِیَۃٌ تَحْتَ الْعَرْشِ یَقُوْلُ اللہُ عَزَّ

اور اس کی گردن عرش کے نیچے لپٹی ہوئی ہے اللہ بزرگ و برتر اس سے

وَجَلَّ لَہٗ صَلِّ عَلٰی عَبْدِیْ کَمَا صَلّٰی عَلٰی نَبِیِّیْ

فرماتا ہے میرے بندے پر درود بھیج جس طرح اس نے میرے نبی پر درود بھیجا

فَھُوَ یُصَلِّیْ عَلَیْہِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ○ وَرُوِیَ عَنْہُ

تو وہ فرشتہ اس پر قیامت کے دن تک درود بھیجتا رہے گا۔ ۱۵) اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ لَیَرِدَنَّ عَلَیَّ

سے مروی ہے آپ نے فرمایا ضرور بالضرور قیامت کے دن

الْحَوْضَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اَقْوَامٌ مَّا اَعْرِفُھُمْ اِلَّا

میرے پاس حوضِ کوثر پر ایسی جماعتیں آئیں گی جنہیں میں کثرت سے

بِکَثْرَۃِ الصَّلٰوۃِ عَلَیَّ○ وَرُوِیَ عَنْہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

درود بھیجنے ہی کی وجہ سے پہچانوں گا۔ ۱۶) اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی

وَسَلَّمَ اِنَّہٗ قَالَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مَرَّۃً وَّاحِدَۃً صَلَّی

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا

اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشَرَ مَرَّاتٍ وَّمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ عَشَرَ

اللہ تعالیٰ اس پر دس (۱۰) مرتبہ درود بھیجے گا اور جو مجھ پر دس مرتبہ درود بھیجے گا

مَرَّاتٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ مِائَۃَ مَرَّۃٍ وَّمَنْ صَلّٰی

اللہ تعالیٰ اس پر سو (۱۰۰) مرتبہ درود بھیجے گا اور جو

عَلَیَّ مِائَۃَ مَرَّۃٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ اَلْفَ مَرَّۃٍ وَّمَنْ

مجھ پر سو (۱۰۰) مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ درود بھیجے گا اور جو

صَلّٰی عَلَیَّ اَلْفَ مَرَّۃٍ حَرَّمَ اللّٰہُ جَسَدَہٗ عَلَی النَّارِ

مجھ پر ایک ہزار بار درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس کا جسم آگ پر حرام فرمادے گا

وَ ثَبَّتَهُ بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَ فِی

اور اس کو دنیاوی زندگی میں اور آخرت میں سوال کے وقت قولِ ثابت کے ساتھ

الْاٰخِرَۃِ عِنْدَ الْمَسْئَلَۃِ وَ اَدْخَلَهُ الْجَنَّۃَ وَ جَآءَتْ

ثابت قدم رکھے گا اور اسے جنت میں داخل فرمائے گا اور مجھ پر

صَلٰوتُهُ عَلَیَّ نُوْرٌ لَّهُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ عَلَی الصِّرَاطِ

اس کا بھیجا ہوا درود قیامت کے دن اس طرح آئے گا کہ اس کا نور پل صراط پر

مَسِیْرَۃَ خَمْسِ مِائَۃِ عَامٍ وَّ اَعْطَاهُ اللّٰهُ بِكُلِّ

پانچ سو سال کی مسافت تک ہوگا اور اللہ تعالیٰ ہر درود کے بدلے

صَلٰوۃٍ صَلَّاهَا عَلَیَّ قَصْرًا فِی الْجَنَّۃِ قَلَّ ذٰلِكَ اَوْ

جو اس نے مجھ پر بھیجا اسے جنت میں ایک محل عطا فرمائے گا خواہ وہ کم درود پڑھے یا

كَثُرَ ○ وَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ مَا

زیادہ۔ ۱۷) اور نبی ﷺ نے فرمایا جو بندہ

مِنْ عَبْدٍ صَلّٰی عَلَیَّ اِلَّا خَرَجَتِ الصَّلٰوۃُ مُسْرِعَۃً

مجھ پر درود بھیجتا ہے وہ درود اس کے منہ سے تیزی سے نکلتا ہے

مِّنْ فِیْهِ فَلَا یَبْقٰی بَرٌّ وَّ لَا بَحْرٌ وَّ لَا شَرْقٌ وَّ لَا غَرْبٌ

پھر کوئی جنگل اور دریا اور مشرق و مغرب

اِلَّا وَ تَمُرُّ بِهٖ وَ تَقُوْلُ اَنَا صَلٰوةُ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ

باقی نہیں رہتا مگر وہ درود وہاں سے گزرتا ہے اور کہتا ہے میں فلاں بن فلاں کا درود

صَلّٰى عَلٰى مُحَمَّدِنِ الْمُخْتَارِ خَيْرِ خَلْقِ اللّٰهِ فَلَا يَبْقٰى

ہوں جسے اس نے اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق سے بہتر اور برگزیدہ محمد ﷺ پر بھیجا ہے تو

شَيْءٌ اِلَّا وَ صَلّٰى عَلَيْهِ وَ يُخْلَقُ مِنْ تِلْكَ الصَّلٰوةِ

کوئی چیز باقی نہیں رہتی مگر اس پر درود بھیجتی ہے (دعا کرتی ہے) اور اس درود سے ایک

طَآئِرٌ لَّهٗ سَبْعُوْنَ اَلْفَ جَنَاحٍ فِيْ كُلِّ جَنَاحٍ

ایسا پرندہ پیدا کیا جاتا ہے جس کے ستر ہزار بازو ہیں ہر بازو میں

سَبْعُوْنَ اَلْفَ رِيْشَةٍ فِيْ كُلِّ رِيْشَةٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ

ستر ہزار پر ہیں ہر پر میں ستر ہزار

رَاْسٍ فِيْ كُلِّ رَاْسٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ وَجْهٍ فِيْ كُلِّ

سر ہیں ہر سر میں ستر ہزار چہرے ہیں ہر چہرے میں

وَجْهٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ فَمٍ فِيْ كُلِّ فَمٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ

ستر ہزار منہ ہیں ہر منہ میں ستر ہزار

لِسَانٍ فِيْ كُلِّ لِسَانٍ يُّسَبِّحُ اللّٰهَ تَعَالٰى بِسَبْعِيْنَ

زبانیں ہیں ہر زبان ستر ہزار لغتوں (زبانوں) میں اللہ تعالیٰ

اَلْفَ لُغَاتٍ وَّیَکْتُبُ اللّٰہُ لَہٗ ثَوَابَ ذٰلِکَ کُلِّہٖ ○

کی تسبیح کرتی ہے اور اللہ تعالیٰ ان سب کا ثواب اس بندے کے لئے لکھ دیتا ہے۔

وَعَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ

۱۸) اور حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو

صَلّٰی عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ مِائَۃَ مَرَّۃٍ جَآءَ یَوْمَ

مجھ پر جمعہ کے دن سو مرتبہ درود بھیجے گا تو وہ قیامت کے دن

الْقِیٰمَۃِ وَمَعَہٗ نُوْرٌ لَّوْ قُسِمَ ذٰلِکَ النُّوْرُ بَیْنَ

اس حال میں آئے گا کہ اس کے ساتھ ایسا نور ہوگا کہ اگر اس نور کو تمام مخلوق میں تقسیم

الْخَلْقِ کُلِّھِمْ لَوَسِعَھُمْ ○ ذُکِرَ فِیْ بَعْضِ الْاَخْبَارِ

کردیا جائے تو وہ نور یقیناً ان سب کے لئے کافی ہوگا۔ ۱۹) بعض حدیثوں میں مذکور ہے کہ

مَکْتُوْبٌ عَلٰی سَاقِ الْعَرْشِ مَنِ اشْتَاقَ اِلَیَّ

عرش اعظم کے پائے پر لکھا ہوا ہے جو میرا مشتاق ہوگا

رَحِمْتُہٗ وَمَنْ سَاَلَنِیْ اَعْطَیْتُہٗ وَمَنْ تَقَرَّبَ اِلَیَّ

تو میں اس پر رحم کروں گا اور جو مجھ سے سوال کرے گا میں اسے عطا کروں گا اور جو میرے حبیب

بِالصَّلٰوةِ عَلٰی حَبِیْبِیْ مُحَمَّدٍ ﷺ غَفَرْتُ لَهٗ ذُنُوْبَهٗ

محمد ﷺ پر درود بھیج کر میری قربت حاصل کرے گا تو میں اس کے گناہ بخش دوں گا

وَلَوْ کَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ ○ وَرُوِیَ عَنْ بَعْضِ

اگرچہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔ (۲۰) بعض صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ

الصَّحَابَةِ رِضْوَانُ اللهِ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ اَنَّهٗ قَالَ

عنہم اجمعین سے مروی ہے انہوں نے فرمایا کہ

مَا مِنْ مَّجْلِسٍ یُّصَلّٰی فِیْهِ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللهُ

جس مجلس میں بھی محمد ﷺ پر درود بھیجا جاتا ہے

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا قَامَتْ مِنْهُ رَآئِحَةٌ طَیِّبَةٌ حَتّٰی

اس سے پاکیزہ خوشبو ہی اٹھتی ہے۔ یہاں تک کہ

تَبْلُغَ عِنَانَ السَّمَآءِ فَتَقُوْلُ الْمَلٰٓئِکَةُ هٰذَا

آسمان کے اطراف میں پہنچ جاتی ہے تو فرشتے کہتے ہیں یہ

مَجْلِسٌ صُلِّیَ فِیْهِ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ

تو وہ مجلس ہے جس میں محمد ﷺ پر درود بھیجا گیا

سَلَّمَ ○ ذُکِرَ فِیْ بَعْضِ الْاَخْبَارِ اَنَّ الْعَبْدَ

ہے۔ (۲۱) بعض حدیثوں میں مذکور ہے کہ جب مسلمان بندہ

الْمُؤْمِنِ اَوِ الْاَمَةَ الْمُؤْمِنَةَ اِذَا بَدَأَ بِالصَّلٰوةِ

یا مسلمان بندی محمد ﷺ پر درود بھیجنا شروع

عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ فُتِحَتْ لَہٗ

کرتے ہیں تو ان کے لئے آسمان کے

اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَ السُّرَادِقَاتُ حَتّٰی اِلَی الْعَرْشِ

دروازے اور پردے عرش اعظم تک کھول دیئے جاتے ہیں

فَلَا یَبْقٰی مَلَکٌ فِی السَّمٰوٰتِ اِلَّا صَلّٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

پس آسمانوں میں کوئی فرشتہ باقی نہیں رہتا مگر محمد ﷺ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ وَ یَسْتَغْفِرُوْنَ لِذٰلِکَ

پر درود بھیجتا ہے اور تمام فرشتے اس بندے یا بندی کے لئے

الْعَبْدِ اَوِ الْاَمَةِ مَا شَآءَ اللّٰہُ ○ وَ قَالَ صَلَّی اللّٰہُ

دعائے مغفرت کرتے ہیں جتنا اللہ تعالیٰ چاہے۔ ۲۲) اور آپ ﷺ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ عَسُرَتْ عَلَیْہِ حَاجَةٌ فَلْیُکْثِرْ

نے فرمایا جس پر کوئی حاجت مشکل ہوجائے تو اسے چاہئے کہ مجھ پر

بِالصَّلٰوةِ عَلَیَّ فَاِنَّھَا تَکْشِفُ الْھُمُوْمَ وَ الْغُمُوْمَ

کثرت سے درود بھیجے اس لئے کہ درود غموں اور بے چینیوں

وَالْكُرُوْبَ وَتُكَثِّرُ الْاَرْزَاقَ وَتَقْضِي الْحَوَآئِجَ ○

اور تکلیفوں کو دور کرتا ہے اور رزق زیادہ کرتا ہے اور حاجتوں کو پورا کرتا ہے۔

وَعَنْ بَعْضِ الصّٰلِحِيْنَ اَنَّهٗ قَالَ كَانَ لِيْ جَارٌ

(۲۳) اور بعض صالحین علیہم الرحمہ سے مروی انہوں نے فرمایا کہ میرا ایک پڑوسی کاتب تھا

نَسَّاخٌ فَمَاتَ فَرَأَيْتُهٗ فِي الْمَنَامِ فَقُلْتُ لَهٗ مَا

وہ فوت ہوگیا میں نے اسے خواب میں دیکھا تو میں نے اس سے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے

فَعَلَ اللّٰهُ بِكَ فَقَالَ غَفَرَ لِيْ فَقُلْتُ لَهٗ فَبِمَ ذٰلِكَ

تیرے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟ اس نے جواب دیا اس نے مجھے بخش دیا میں نے پوچھا کس

فَقَالَ كُنْتُ اِذَا كَتَبْتُ اِسْمَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ

وجہ سے؟ اس نے کہا کہ جب میں کسی کتاب میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی لکھتا

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ كِتَابٍ صَلَّيْتُ عَلَيْهِ فَاَعْطَانِيْ

فِیْ بُیُوْتِکُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ کُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ

جب بھی وہ اپنی قتل گاہوں کی طرف نکل آتے جن کا قتل کیا جانا

اِلٰی مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِیْ صُدُوْرِکُمْ

لکھا جا چکا تھا اور اس لئے کہ اللہ تمہارے دلوں کی بات آزمائے اور

وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِکُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ بِذَاتِ

تاکہ جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اسے کھول دے، اور اللہ دلوں کی بات

الصُّدُوْرِ ○ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗۤ

جانتا ہے۔ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور ان کے ساتھی

اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُکَّعًا

کافروں پر سخت ہیں آپس میں نرم دل تم انہیں رکوع کرتے

سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا ز

سجدے کرتے دیکھو گے اللہ کا فضل و رضا چاہتے ہیں،

سِیْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ

ان کی نشانی ان کے چہروں میں ہے یعنی سجدوں کے نشان، یہ ان کی

مَثَلُهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ ۛۚ وَمَثَلُهُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ ۛۚ کَزَرْعٍ

صفت توریت میں ہے اور ان کی صفت انجیل میں ہے، (اس کی مثال) جیسے ایک کھیتی

اَخْرَجَ شَطْاَهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰی عَلٰی

اس نے اپنا سر نکالا پھر اسے طاقت دی تو موئی ہوئی پھر اپنی پنڈلی (تنے) پر سیدھی

سُوْقِهٖ یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِیَغِیْظَ بِهِمُ الْکُفَّارَ ؕ وَعَدَ

کھڑی ہوئی کسانوں کو اچھی لگتی ہے تاکہ ان سے کافر جلیں، اللہ نے ان سے

اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً

وعدہ فرمایا جو ان میں سے ایمان لائے اور اچھے کام کئے بخشش

وَّ اَجْرًا عَظِیْمًا ○ اَلِفْ بَا تَا ثَا جِیْمْ حَا خَا دَالْ

اور بڑے ثواب کا۔ الف باء تاء ثاء جیم حا خا دال

ذَالْ رَا زَا سِیْنْ شِیْنْ صَادْ ضَادْ طَا ظَا عَیْنْ

ذال را زا سین شین صاد ضاد طا ظا عین

غَیْنْ فَا قَافْ کَافْ لَامْ مِیْمْ نُوْنْ وَاوْ هَا یَا۔

غین فا قاف کاف لام میم نون واؤ ھا یا۔

یَا رَبِّ سَهِّلْ وَیَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ عَلَیْنَا یَا رَبِّ

اے پروردگار! ہم پر سہل اور آسانی فرما اور سخت و مشکل نہ فرما اے پروردگار!

تَمَّتْ بِالْخَیْرِ

خیر و عافیت کے ساتھ ختم ہوئے

www.muftiakhtarrazakhan.com
حزب البحر
از
حضرت شیخ المشائخ سید ابو الحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ
مترجم
نبیرۂ صدر الشریعہ خلیفہ تاج الشریعہ جگر گوشہ محدث کبیر
حضرت علامہ مولانا مفتی عطاء المصطفیٰ اعظمی دام ظلہ علینا
Tajushshariah Foundation, Karachi, Pakistan

سوانح حیات صاحب حزب البحر

صاحب حزب البحر حضرت العلام الشیخ امام ابو الحسن شاذلی امام شاذلی حسنی سید ہیں یعنی چند واسطوں سے آپ کا شجرہ نسب حضرت امام حسن بن علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہما سے جاملتا ہے۔ آپ کے آباء واجداد مراکش مغرب اقصیٰ کے رہنے والے تھے۔ آپ کا اسم مبارک علی ہے جبکہ کنیت ابوالحسن اور آپ اپنی کنیت اور مقام پیدائش سے مشہور ہیں چنانچہ آپ شیخ ابو الحسن شاذلی سے جانے پہچانے جاتے ہیں۔

تاریخ اور مقام پیدائش: آپ ۵۹۱ھ میں مراکش میں پیدا ہوئے والد ماجد کا نام عبد اللہ ہے۔

سلسلۂ طریقت: امام شاذلی نے سلوک وطریقت کی تعلیم حضرت الشیخ عبد السلام بن مشیش سے حاصل کی امام شاذلی صاحب دلائل الخیرات سے پہلے کے بزرگ ہیں صاحب دلائل نویں صدی کے

بزرگ ہیں جبکہ امام شاذلی چھٹی صدی کے ہیں صاحب الدلائل کا طریقہ شاذلیہ ہے گویا صاحب الدلائل کا سلسلہ طریقت امام شاذلی کے سلسلہ میں مل جاتا ہے اور امام شاذلی کا سلسلہ بارہ واسطوں سے صحابئ رسول حضرت سیدنا جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما تک پہنچ جاتا ہے۔

{۱} حضرت شیخ ابو الحسن علی بن عبد اللہ شاذلی

{۲} حضرت شیخ عبد السلام بن مشیش

{۳} حضرت شیخ عبد الرحمن بن زیت مدنی

{۴} حضرت شیخ تقی الدین فقیہ

{۵} حضرت شیخ فخر الدین

{۶} حضرت شیخ نور الدین

{۷} حضرت شیخ تاج الدین

{۸} حضرت شیخ شمس الدین

{۹} حضرت شیخ زین الدین

{۱۰} حضرت شیخ ابراہیم بصری

{۱۱} حضرت شیخ ابو القاسم

{۱۲} حضرت شیخ فتح المسعود

{۱۳} حضرت شیخ سیدنا سعید

{۱۴} حضرت سیدنا جابر بن عبد اللہ انصاری صحابی رسول رضی اللہ عنہما

{۱۵} حضرت امام عالی مقام سیدنا حسن مجتبیٰ بن حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما

{۱۶} حضرت اسد اللہ الغالب سیدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم

{۱۷} امام الانبیاء خاتم المرسلین سیدنا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تاریخ وفات: سفر حج کے ارادے سے نکلے تھے کہ راستہ میں بیمار ہو گئے ماہ ذی قعدہ شریف ۶۵۶ھ میں ایک سو پانچ سال کی عمر شریف میں آپ نے وصال فرمایا صحرائے عیذاب میں دفن کئے گئے اس جگہ ایک کھارہ چشمہ تھا لیکن آپ کی تدفین کے بعد وہ کھارہ چشمہ میٹھا ہو گیا غالباً اسی وجہ سے اس چشمہ کا نام عیذاب پڑ گیا کہ عذب کا معنی میٹھا کے ہیں اسی سے عیذاب بنا ہے۔ اس طرح محبوب کردگار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان عالی شان کے مطابق کہ قبور الاولیاء روضۃ من ریاض الجنۃ یعنی اولیائے کرام کی قبریں جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہیں۔

حضرت امام شاذلی کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے بعض بدخواہوں کو حسد ہوگیا چنانچہ آپ کو طرح طرح سے اذیت وتکلیف دینے لگے حتی کہ آپ اپنا علاقہ چھوڑ کر اسکندریہ کوچ کرنے پر مجبور ہوگئے جب اسکندریہ میں اقامت پذیر ہوگئے تو حاسدین نے وہاں کے حاکم کو خط لکھا کہ یہ شخص (معاذ اللہ) بے دین وزندیق ہے اس کا کام مسلمانوں کو گمراہ کرنا ہے جو آپ کے شہر میں پہنچ کر مسلمانوں کو گمراہ و بد دین بنادے گا اس خط سے حاکم اسکندریہ متاثر ہوکر حضرت شیخ کا سخت مخالف ہوگیا اور والیٔ مصر کو ورغلا کر ان کے قتل کا فرمان حاصل کرلیا اور آپ کے قتل کا وقت وتاریخ سے تمام لوگوں کو آگاہ کردیا چنانچہ وقتِ مقررہ پر ایک خلقت جمع ہوگئی حاکم اسکندریہ نے جلاد کو بلا کر قتل کا حکم دیا جیسے ہی جلاد گردن مارنے سامنے آیا تو آپ نے اپنا ہاتھ اٹھایا جس میں ایک کاغذ تھا حضرت شیخ کے ہاتھ سے لے کر پڑھا تو معلوم ہوا کہ والیٔ مصر نے اس میں اپنا فرمان اپنی مہر ودستخط کے ساتھ جاری کیا کہ حضرت ابوالحسن پر کسی قسم کی

دست درازی نہ کی جائے کچھ عرصہ بعد مصر کا سفیر آیا اور حضرت شیخ کی خدمت میں معذرت نامہ پیش کیا اور جو کچھ تکلیف واذیت دی گئی اس سے معافی مانگی آپ نے سب کو معاف فرمادیا۔

کرامات: امام شاذلی علیہ الرحمہ صاحب کرامات بزرگ تھے بلکہ بعد وفات بھی آپ کی کرامتوں کا ظہور ہوتا رہا انہیں کرامتوں میں سے ایک کرامت اوپر مذکور ہوئی اور دعائے حزب البحر بھی آپ کی عظیم کرامتوں سے ہے جو اس وقت سے آج تک تمام اولیائے کاملین اور خواص کے ورد میں ہے اور بڑی سے بڑی مشکلات کے حل کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ اسکندریہ کے قیام کے دوران سلطان محمد کا خزانچی خیانت کے جرم میں ماخوذ ہوا تو حضرت شیخ کی خدمت میں آکر پناہ لی آپ نے اس کو چند دنوں کی مہلت دلوائی اور لوگوں کو تانبا جمع کرنے کا حکم دیا جب کئی من تانبا جمع ہوگیا تو آپ نے اس خزانچی کو حکم دیا کہ اس تانبہ کے ڈھیر پر پیشاب کردے حکم کی تعمیل کی اسی وقت وہ سب سونا

ہوگیا یہ سب سونا سلطان کے پاس بھیج دیا جس سے سلطان کا خزانہ بھر گیا اور خزانچی سزا سے بری ہوگیا۔

حزب البحر کا شان ظہور : یہ دعائے حزب البحر امام ابوالحسن محمد شاذلی علیہ الرحمہ کو حضور نبی اکرم ﷺ نے عطا فرمائی جس کی تفصیل یہ ہے کہ امام شاذلی قدس سرہٗ العزیز ایک دن شہر قاہرہ میں تھے کہ حج کے دن قریب آگئے حضرت شیخ نے اپنے دوستوں سے فرمایا کہ ہمیں اس سال غیب سے حج کرنے کا حکم ہوا ہے لہٰذا جہاز تلاش کرو بسیار تلاش وجستجو کے بعد ایک بوڑھے عیسائی کے جہاز کے علاوہ کوئی جہاز نہ ملا چنانچہ اسی جہاز میں سوار ہو گئے جب بادبان اٹھایا تو قاہرہ کی آبادی سے نکلتے ہی مخالف ہوا چلنے لگی ایک ہفتہ تک اسی قاہرہ کے گرد چکر اتارہا مخالفین طعنے دینے لگے کہ شیخ تو فرمارہے تھے کہ مجھے غیب سے حج کا حکم ہے جبکہ حج کا وقت نہایت قریب آگیا ہے اور ہم مخالف ہوا میں پھنسے ہوئے ہیں حضرت شیخ کو اس بات سے سخت دلی

صدمہ ہوا مگر ضبط فرمایا اتفاق سے حضرت دوپہر کو قیلولہ فرمارہے تھے کہ قسمت بیدار ہوگئی خواب میں حضور سید عالم ﷺ کی زیارت سے شرف یاب ہوئے حضور سید المرسلین ﷺ نے آپ کو یہ دعا (حزب البحر) سکھائی حضرت شیخ قیلولہ سے بیدار ہوتے ہی یہ دعا پڑھنے لگے اور جہاز کے افسر کو بلا کر فرمایا کہ اللہ رب العزت پر کامل بھروسہ کرکے بادبان اٹھادے۔ جہاز کے افسر نے کہا کہ اگر ہم نے بادبان اٹھادیا تو ہوا اسی وقت ہمارا منہ پھیر دے گی اور ہمیں واپس قاہرہ پہنچادے گی۔ شیخ نے فرمایا کہ دل میں تردد مت کر بلکہ ہم جو کہتے ہیں اس پر دل کے پورے اطمینان اور خالق کائنات پر کامل بھروسہ کرکے عمل کر اور اللہ تبارک و تعالیٰ کی عجیب مہربانی دیکھو جیسے ہی افسر نے بادبان اٹھایا اسی وقت زور کی موافق ہوا چلنے لگی یہاں تک کہ وہ رسی جس کے ذریعہ جہاز کو میخ کے ساتھ باندھ رکھا تھا کھول نہ سکا، ناچار رسی کو کاٹنا پڑا۔ اور بڑی تیزی اور امن وسلامتی کے ساتھ جہاز منزلِ مقصود پر پہنچ گیا اور حج کی سعادت

نصیب ہوگئی۔ بوڑھے عیسائی کے دونوں بیٹے حضرت شیخ کی اس کرامت سے بہت متاثر ہوئے اور حضرت شیخ کے دستِ مبارک پر اسلام قبول کرلیا لیکن بوڑھا عیسائی اپنے بیٹوں کے ایمان لانے سے بہت غمگین ہوا رات کو اس نے خواب دیکھا کہ حضرت شیخ ایک بہت بڑی جماعت کے ساتھ جنت میں تشریف لے جارہے ہیں اور اس کے دونوں بیٹے بھی حضرت شیخ کے ساتھ جنت میں داخل ہورہے ہیں اس بوڑھے عیسائی نے بھی اپنے بیٹوں کے پیچھے جانا چاہا مگر فرشتوں نے سختی کے ساتھ منع کردیا کہ تو ان لوگوں میں سے نہیں ہے جب صبح کو بیدار ہوا تو اللہ تعالیٰ کی ہدایت اس کی مددگار ہوئی چنانچہ وہ بھی کلمۂ طیبہ پڑھ کر مسلمان ہوگیا اور رفتہ رفتہ حضرت شیخ کی برکت سے مرتبہ باطنی کے اعلیٰ مقام پر پہنچ گیا اور لوگ اس کی طرف رجوع کرنے لگے۔ اس دعا کے متعلق حضرت ابوالحسن شاذلی خود فرماتے ہیں جس کو امام شعرانی نے سنن کبریٰ میں نقل فرمایا وَ اللہِ لَقَدْ اٰخَذْتُ مِنْ فَمِ رَسُوْلِ اللہِ ﷺ حَرْفًا حَرْفًا یعنی اللہ کی قسم

میں نے اس حزب کو رسول اللہ ﷺ سے حرف بحرف سیکھا ہے۔

حزب البحر کے فوائد: مختلف سلسلوں کے مشائخ کرام نے اس حزب البحر کے بے شمار فوائد بیان کئے ہیں ذیل میں چند ہدیہ ناظرین ہیں:

{۱} صبح و شام ایک ایک بار پڑھنے سے گناہوں اور حاسدوں، دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

{۲} بڑی سے بڑی مشکلات کے حل کے لئے کسی صاف و پاک کمرہ میں دوگانہ پڑھ کر پانچ یا سات بار پڑھے۔

{۳} فتح مندی کے لئے ستر بار پڑھے یَا فَتَّاحُ افْتَحْ لَنَا فَاِنَّكَ خَیْرُ الْفَاتِحِیْنَ

{۴} کشادگی رزق کے لئے ستر بار پڑھے یَا رَزَّاقُ ارْزُقْنَا فَاِنَّكَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ یا رَبَّنَاۤ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآىِٕدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَ اٰخِرِنَا وَ ارْزُقْنَا فَاِنَّكَ خَیْرُ

الرَّازِقِیْنَ یَارَزَّاقُ ارْزُقْنِیْ رِزْقاً طَیِّباً وَّاسِعاً بِغَیْرِ حِسَابٍ

{۵} ہر بلا سے حفاظت کے لئے ستر بار پڑھے یَاحَفِیْظُ اِحْفَظْنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ الْحٰفِظِیْنَ

{۶} ہدایت اور حصول نجات کے لئے ستر بار پڑھے یَاھَادِیُ اِھْدِنَا وَ نَجِّنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ

{۷} حصول مقاصد کے لئے ستر بار پڑھے یَاوَھَّابُ ھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ رِیْحاً طَیِّبَۃً کَمَا ھِیَ فِیْ عِلْمِکَ وَ انْشُرْھَا عَلَیْنَا مِنْ خَزَآئِنِ رَحْمَتِکَ وَ احْمِلْنَا بِھَا حَمْلَ الْکَرَامَۃِ مَعَ السَّلَامَۃِ وَ الْعَافِیَۃِ فِی الدِّیْنِ وَ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

{۸} ترقی علم کے لئے ستر بار پڑھے یَاعَلِیْمُ یٰسٓ ○ وَ الْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ○ اِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ○ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ○ تَنْزِیْلَ الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ ○

طریقۂ زکوٰۃ حزب البحر: کسی دعا وغیرہ کی زکوٰۃ کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس دعا یا وظیفہ کو کسی خاص طریقہ اور معین تعداد میں پڑھنا جس کی وجہ سے دعا یا وظیفہ میں بے حد تاثیر ہوتی ہے۔ ماہ صفر کی ۶، ۷، ۸ تاریخ کو روزہ رکھیں اور تینوں دن مسجد میں اعتکاف کریں یعنی صفر کی ۵ تاریخ کو غروبِ آفتاب سے پہلے مسجد میں اعتکاف کی نیت سے داخل ہوں پھر بعد نمازِ مغرب دعائے حزب البحر ایک بار پڑھیں اور نمازِ عشاء کے بعد ایک بار اور ۶ صفر کو بعد نمازِ چاشت ایک بار پڑھیں پھر نمازِ مغرب کے بعد ایک بار اور نمازِ عشاء کے بعد ایک بار پھر ۷ صفر کو صبح نمازِ چاشت کے بعد ایک بار اور نمازِ مغرب اور عشاء کے بعد ایک، ایک بار پڑھیں اور ۸ صفر کو بھی نمازِ چاشت اور مغرب و عشاء کے بعد ایک، ایک بار پڑھیں اس کے بعد اعتکاف سے نکل کر چند مسکینوں کو اپنے ساتھ کھانا کھلائیں۔ پھر روزانہ بعد نمازِ مغرب ایک بار پڑھنا اپنا

معمول بنالیں یا کوئی ایک خاص وقت خود مقرر کر کے روزانہ اسی وقتِ مقررہ میں پڑھیں اگر کسی دن کسی وجہ سے اس وقتِ مقررہ میں نہ پڑھ سکیں تو جس وقت چاہیں پڑھ لیں۔ عورتوں کے لئے بھی یہی طریقہ ہے البتہ ان کا اعتکاف مسجد بیت میں ہوگا۔ اعتکاف کے جملہ مسائل بہارِ شریعت اور میرے رسالے بہارِ اعتکاف میں تفصیل کے ساتھ مذکور ہیں اسی کے مطابق اعتکاف کیا جائے۔ اس دعائے حزب البحر میں جہاں جہاں مقہوریَ اعداء تصور کرنے کا ذکر ہے وہاں حتی المقدور اپنے سنی صحیح العقیدہ بھائیوں کے خلاف عمل کرنے سے گریز کریں البتہ بد دینوں کے خلاف ضرور عمل کریں اور اصلاحِ حال کی نیت مقدم ہونی چاہیے اللہ تعالی سے دعا ہے کہ ہمیں تصحیح نیت کے ساتھ عمل کرنے کی توفیق رفیق عطا فرمائے۔

آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

دُعَاءِ حِزْبُ الْبَحْرِ

دعائے حزب البحر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

یَآ اَللّٰہُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیۡمُ یَا حَلِیۡمُ یَا عَلِیۡمُ اَنۡتَ

اے اللہ! اے بلند! اے بزرگ! اے بردبار! اے جاننے والے! تو ہی میرا

رَبِّیۡ وَ عِلۡمُكَ حَسۡبِیۡ فَنِعۡمَ الرَّبُّ رَبِّیۡ وَ نِعۡمَ

پروردگار ہے اور تیرا علم مجھے کافی ہے پس کتنا اچھا رب میرا رب ہے اور میرا

الۡحَسۡبُ حَسۡبِیۡ تَنۡصُرُ مَنۡ تَشَآءُ وَ اَنۡتَ الۡعَزِیۡزُ

کفایت کرنے والا کتنا اچھا کافی ہے تو جس کی چاہتا ہے مدد کرتا ہے اور تو غالب

الرَّحِیۡمُ ○ نَسۡئَلُكَ الۡعِصۡمَةَ فِی الۡحَرَكَاتِ وَ

رحمت والا ہے۔ ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں حرکات و

السَّكَنَاتِ وَ الۡكَلِمَاتِ وَ الۡاِرَادَاتِ وَ الۡخَطَرَاتِ

سکنات اور الفاظ و ارادوں میں حفاظت کا اور ان خیالات میں

مِنَ الظُّنُوۡنِ وَ الشُّكُوۡكِ وَ الۡاَوۡهَامِ السَّاتِرَةِ

فاسد گمانوں اور شکوک اور وہموں سے جو دلوں کو

لِلْقُلُوْبِ عَنْ مُّطَالَعَةِ الْغُيُوْبِ فَقَدِ ابْتُلِيَ

پوشیدہ باتوں پر آگاہ ہونے سے آڑ بن جاتے ہیں پس مسلمان آزمائش میں

الْمُؤْمِنُوْنَ وَ زُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا جب یہ لفظ یعنی

مبتلا کئے گئے ہیں اور سخت ترین لرزائے گئے

شَدِيْدًا پڑھ چکے تو داہنی انگشت شہادت سے آسمان کی طرف اشارہ کرے وَّ

اور

اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

جب منافقین اور وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے کہتے ہیں کہ

مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗۤ اِلَّا غُرُوْرًا ○ فَثَبِّتْنَا وَ

ہم سے اللہ اور اس کے رسول نے صرف دھوکے کا وعدہ کیا۔ لہٰذا تو ہمیں ثابت قدم رکھ اور

انْصُرْنَا اِس جگہ یعنی اُنْصُرْنَا پڑھنے میں مطلب کا دل میں خیال کرے

ہماری مدد فرما

وَسَخِّرْ لَنَا هٰذَا الْبَحْرَ كَمَا سَخَّرْتَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰى

اور (اے اللہ!) تو اس دریا کو ہمارے تابع بنا جیسے تو نے دریا کو موسیٰ علیہ السلام

عَلَيْهِ السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ النَّارَ لِاِبْرٰهِيْمَ عَلَيْهِ

کے تابع بنایا اور آگ کو ابراہیم علیہ السلام کے تابع کیا

السَّلَامُ وَ سَخَّرْتَ الْجِبَالَ وَ الْحَدِيْدَ لِدَاوٗدَ

اور پہاڑوں اور لوہے کو داؤد علیہ السلام کے

عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ سَخَّرْتَ الرِّيْحَ وَ الشَّيٰطِيْنَ وَ

تابع کیا اور ہوا اور شیطانوں اور

الْجِنَّ لِسُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ سَخِّرْ لَنَا كُلَّ

جنوں کو سلیمان علیہ السلام کے تابع کیا اور ہمارے تابع فرما تمام دریا کو

بَحْرٍ هُوَ لَكَ فِي الْاَرْضِ وَ السَّمَآءِ وَ الْمُلْكِ وَ

جو زمین و آسمان اور ملک (دنیا) اور

الْمَلَكُوْتِ وَ بَحْرَ الدُّنْيَا وَ بَحْرَ الْاٰخِرَةِ وَ سَخِّرْ

ملکوت (عالم بالا) میں تیرے ہیں اور دنیا کے دریا اور آخرت کے دریا کو اور ہر چیز

لَنَا كُلَّ شَيْءٍ يَّا مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ

کو تو ہمارے تابع فرما اے وہ ذات جس کے قبضۂ قدرت میں ہر چیز ہے۔

كٓهٰيٰعٓصٓ كٓهٰيٰعٓصٓ كٓهٰيٰعٓصٓ اس کلمہ کو تین بار لکھا گیا اسلئے

کہ تین بار پڑھا جاتا ہے اور اسکے اوّل دفعہ پڑھنے میں ہر حرف کے ساتھ انگلیاں

داہنے ہاتھ کی بند کرے اس طرح کہ اوّل حرف کے ساتھ چھنگلیا پھر دوسرے حرف

کے ساتھ چھنگلیا کے قریب کی انگشت تیسرے حرف کے ساتھ بیچ کی اُنگلی چوتھے کے

ساتھ شہادت کی اُنگلی پانچویں کے ساتھ انگوٹھا بند کرے اور اسی طرح بند رکھے پھر

دوسرے کٰھیٰعٓصٓ کے ساتھ اسی ترتیب سے کھولدے پھر تیسرے

کٰھیٰعٓصٓ کے ساتھ بند کرے۔ اُنْصُرْنَا یہاں پر یعنی اُنْصُرْنَا

تو ہماری مدد فرما

پڑھنے میں پہلی اُنگلی یعنی چھنگلیا کھولدے فَاِنَّكَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ

اس لئے کہ تو سب مددگاروں سے بہتر مددگار ہے

وَافْتَحْ لَنَا یہاں اسی طرح دوسری اُنگلی کھولدے فَاِنَّكَ خَيْرُ

اور ہمیں فتح عطا فرما اس لئے کہ تو سب فتح دینے والوں سے

الْفَاتِحِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا یہاں تیسری اُنگلی کھولدے فَاِنَّكَ

زیادہ اچھی فتح دینے والا ہے اور ہماری بخشش فرما اس لئے کہ تو

خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ وَ ارْحَمْنَا یہاں چوتھی انگلی کھولدے فَاِنَّكَ

سب بخشنے والوں سے بہتر بخشنے والا ہے اور ہم پر رحم فرما اس لئے کہ تو

خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ وَ ارْزُقْنَا یہاں پانچویں انگلی کھولدے اور ترتیب

سب رحم کرنے والوں سے بہتر رحم کرنے والا ہے اور ہمیں روزی عطا فرما

کھولنے کی وہی ہے جو بند کرنے کی ہے فَاِنَّكَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ وَ

اس لئے کہ تو سب سے بہتر روزی عطا فرمانے والا ہے اور

احْفَظْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْحٰفِظِيْنَ وَ اهْدِنَا وَ نَجِّنَا

ہماری حفاظت فرما اس لئے کہ تو سب سے بہتر حفاظت فرمانے والا ہے اور ہمیں ہدایت عطا

مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ وَ هَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ

فرما اور ہمیں ظالموں سے نجات عطا فرما اور ہمیں اپنے پاس سے

رِيْحًا طَيِّبَةً كَمَا هِيَ فِيْ عِلْمِكَ وَ انْشُرْهَا عَلَيْنَا

پاکیزہ ہوا عطا فرما جیسے کہ وہ تیرے علم میں ہے اور ہم پر

مِنْ خَزَآئِنِ رَحْمَتِكَ وَ احْمِلْنَا بِهَا حَمْلَ الْكَرَامَةِ

اپنی رحمت کے خزانوں سے اسے (ہوا کو) چلا اور ہمیں اس ہوا کے ذریعہ اعزاز

وَ مَعَ السَّلَامَةِ وَ الْعَافِيَةِ فِي الدِّيْنِ وَ الدُّنْيَا وَ

اور خیر و سلامتی کے ساتھ آگے بڑھا دین اور دنیا اور

الْاٰخِرَۃِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○ اَللّٰھُمَّ یَسِّرْ

آخرت میں بے شک تو ہر (ممکن) چیز پر قادر ہے۔ اے اللہ! ہمارے تمام کام

لَنَا اُمُوْرَنَا یہاں پر یعنی اُمُوْرَنَا پڑھنے میں مطلب کا دل میں خیال

ہمارے لئے آسان فرما

رکھے مَعَ الرَّاحَۃِ لِقُلُوْبِنَا وَ اَبْدَانِنَا وَ السَّلَامَۃِ

ہمارے دلوں اور جسموں کی راحت اور ہمارے

وَ الْعَافِیَۃِ فِیْ دِیْنِنَا وَ دُنْیَانَا وَ کُنْ صَاحِبَنَا فِیْ

دین و دنیا میں خیر و سلامتی کے ساتھ اور تو ہمارے سفر میں ہمارا مالک

سَفَرِنَا وَ خَلِیْفَۃً فِیْٓ اَھْلِنَا وَ اطْمِسْ عَلٰی وُجُوْہِ

اور ہمارے اہل و عیال کا نگہبان ہو جا اور ہمارے دشمنوں کے چہرے بگاڑ دے

اس جگہ یعنی وُجُوْہِ پڑھنے میں بتصور اعداء داہنے ہاتھ کی مٹھی باندھکر نیچے کو

اشارہ کر کے کھولدے اَعْدَآئِنَا وَ امْسَخْھُمْ عَلٰی

اور انہیں ان کے مقام میں

مَکَانَتِھِمْ فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ الْمُضِیَّ وَلَا الْمَجِیْءَ

مسخ کر دے (بگاڑ دے) تا کہ وہ ہم پر نہ گزر سکیں اور نہ ہماری طرف آسکیں

اِلَيۡنَا وَ لَوۡ نَشَآءُ لَطَمَسۡنَا عَلٰۤى اَعۡيُنِهِمۡ

(جیسا کہ تیرا فرمان ہے) اور اگر ہم چاہتے تو ان کی آنکھیں مٹا دیتے

فَاسۡتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبۡصِرُوۡنَ ○ وَلَوۡ نَشَآءُ

پھر اگر وہ راستہ کی طرف جاتے تو کیسے دیکھتے (کچھ نظر نہ آتا) اور اگر ہم چاہتے

لَمَسَخۡنٰهُمۡ عَلٰى مَكَانَتِهِمۡ فَمَا اسۡتَطَاعُوۡا مُضِيًّا

تو انہیں ان کے گھروں میں ان کی صورتیں بگاڑتے تو وہ نہ آگے بڑھ سکتے

وَّلَا يَرۡجِعُوۡنَ ○ يٰسٓ ○ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَكِيۡمِ ○ اِنَّكَ

نہ پیچھے لوٹ سکتے۔ یٰس حکمت والے قرآن کی قسم! بے شک آپ

لَمِنَ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ○ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ○

رسولوں میں سے ہیں۔ بے شک تم سیدھے راستہ پر بھیجے گئے ہو۔

تَنۡزِيۡلَ الۡعَزِيۡزِ الرَّحِيۡمِ ○ لِتُنۡذِرَ قَوۡمًا مَّاۤ اُنۡذِرَ

(قرآن) عزت والے مہربان کا اتارا ہوا ہے۔ تاکہ تم اس قوم کو ڈراؤ جس کے باپ دادا

اٰبَآؤُهُمۡ فَهُمۡ غٰفِلُوۡنَ ○ لَقَدۡ حَقَّ الۡقَوۡلُ عَلٰۤى

نہ ڈرائے گئے تو وہ بے خبر ہیں۔ بے شک ان کے اکثر پر بات

اَكۡثَرِهِمۡ فَهُمۡ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ○ اِنَّا جَعَلۡنَا فِىۡۤ

ثابت ہو چکی ہے تو وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ بے شک ہم نے

اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ

ان کی گردنوں میں طوق ڈال دیئے ہیں جو تھوڑیوں تک ہیں تو وہ منہ

مُّقْمَحُوْنَ ○ وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ

اوپر اُٹھائے رہ گئے۔ اور ہم نے ان کے آگے ایک دیوار بنادی اور

خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ○

ان کے پیچھے ایک دیوار تو انہیں اوپر سے ڈھانپ دیا تو انہیں کچھ نہیں دکھائی دیتا۔

شَاهَتِ الْوُجُوْهُ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ

ان کے منہ بگڑ جائیں ان کے منہ بگڑ جائیں ان کے منہ بگڑ جائیں

یہ کلمہ تین بار لکھا گیا۔ ہر بار یہاں دل میں اپنے دشمنوں کا خیال رکھے کہ تباہ ہو جائیں

اور اُلٹا ہاتھ ہر بار زمین پر مارے وَ عَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ

اور زندہ قائم رکھنے والے کے حضور سب منہ

الْقَيُّوْمِ ط وَ قَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ○ طٰسٓ

جھک جائیں اور بے شک جس نے ظلم کا بوجھ اٹھایا وہ ناکام ہوا۔ طس

طٰسٓمٓ حٰمٓعٓسٓقٓ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ○

طسم حمعسق اس نے دو سمندر بہائے جو دونوں ملے ہیں۔

بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ○ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ

ان کے درمیان آڑ ہے جو ایک دوسرے سے تجاوز نہیں کرتے۔ حم حم حم حم

حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ چونکہ سات مرتبہ پڑھا جاتا ہے اسلئے سات جگہ لکھا

حم حم حم

گیا۔ پہلی بار پڑھ کر داہنی طرف پھونک مارے اور دوسری بار پڑھ کر بائیں طرف

اور تیسری بار پڑھ کر سامنے اور چوتھی بار پڑھ کر پیچھے اور پانچویں بار پڑھ کر اُوپر اور

چھٹی بار پڑھ کر نیچے اور ساتویں بار پڑھ کر دونوں ہاتھ پر اندر کی طرف دم کر کے تمام

بدن پر ملے حُمَّ الْاَمْرُ وَجَآءَ النَّصْرُ فَعَلَيْنَا لَا يُنْصَرُوْنَ

فیصلہ کیا گیا اور مدد آ گئی لہٰذا ہمارے خلاف ان کی مدد نہیں کی جائے گی

حٰمٓ ○ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ○

حم عزت والے، علم والے اللہ کی طرف سے کتاب کا اترنا ہے۔

غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ

گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا، سخت عذاب کرنے والا۔

ذِی الطَّوْلِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ ○

بڑے انعام والا اس کے سوا کوئی معبود نہیں اسی کی طرف لوٹنا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ بَابُنَا تَبَارَكَ حِیْطَانُنَا یٰسٓ سَقْفُنَا

بسم اللہ شریف ہمارا دروازہ ہے اور سورۂ ملک ہماری دیوار اور سورۂ یٰسین شریف ہماری چھت

كٓهٰیٰعٓصٓ یہاں داہنے ہاتھ کی اُنگلیاں بند کرے چھنگلیا سے شروع کرے

ہے کھیعص

انگوٹھے پر ختم کرے اوّل حرف پڑھنے میں چھنگلیا بند کرے دوسرے پر اسکے پاس

والی۔ تیسرے پر درمیانی چوتھے پر انگشت شہادت پانچویں پر انگوٹھا۔ ہر حرف کے

پڑھنے کے ساتھ ہی اُنگلی بند کرے كِفَایَتُنَا حٰمٓ عٓسٓقٓ یہاں انگلیاں

ہمارے لئے کافی ہے حمعسق

کھولے ہر حرف کے ساتھ اسی ترتیب سے کہ جس طرح بند کی تھیں حِمَایَتُنَا

ہمارا نگہبان ہے

فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○

اللہ ان کے مقابل تمہارے لئے کافی ہوگا وہی سنتا جانتا ہے۔

سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا وَعَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ

عرش کا شامیانہ ہم پر سایہ کئے ہوئے ہے اور اللہ کی نگاہِ کرم ہم کو دیکھ

اِلَيْنَا بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا يُقْدَرُ عَلَيْنَا ○ سِتْرُ الْعَرْشِ

رہی ہے اللہ کی قوت سے ہم پر کوئی قدرت نہ پائے گا۔ عرش کا شامیانہ ہم پر

مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا وَعَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا بِحَوْلِ

سایہ کئے ہوئے ہے اور اللہ کی نگاہِ کرم ہم کو دیکھ رہی ہے اللہ کی قوت سے

اللّٰهِ لَا يُقْدَرُ عَلَيْنَا ○ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا

ہم پر کوئی قدرت نہ پائے گا۔ عرش کا شامیانہ ہم پر سایہ کئے ہوئے ہے

وَعَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا يُقْدَرُ

اور اللہ کی نگاہِ کرم ہم کو دیکھ رہی ہے اللہ کی قوت سے ہم پر کوئی قدرت

عَلَيْنَا ○ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا وَعَيْنُ

نہ پائے گا۔ عرش کا شامیانہ ہم پر سایہ کئے ہوئے ہے اور اللہ کی نگاہِ کرم

اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا يُقْدَرُ عَلَيْنَا ○

ہم کو دیکھ رہی ہے اللہ کی قوت سے ہم پر کوئی قدرت نہ پائے گا۔

سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا وَعَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ

عرش کا شامیانہ ہم پر سایہ کئے ہوئے ہے اور اللہ کی نگاہِ کرم ہم کو دیکھ

اِلَيْنَا بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا يَقْدِرُ عَلَيْنَا ○ سِتْرُ الْعَرْشِ

رہی ہے اللہ کی قوت سے ہم پر کوئی قدرت نہ پائے گا۔ عرش کا شامیانہ

مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا وَ عَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا بِحَوْلِ

ہم پر سایہ کئے ہوئے ہے اور اللہ کی نگاہِ کرم ہم کو دیکھ رہی ہے اللہ کی قوت سے

اللّٰهِ لَا يَقْدِرُ عَلَيْنَا ○ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ

ہم پر کوئی قدرت نہ پائے گا۔ عرش کا شامیانہ ہم پر سایہ کئے

عَلَيْنَا وَ عَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا

ہوئے ہے اور اللہ کی نگاہِ کرم ہم کو دیکھ رہی ہے اللہ کی قوت سے ہم پر کوئی

يَقْدِرُ عَلَيْنَا ○ وَ اللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ○ بَلْ

قدرت نہ پائے گا۔ اور اللہ انہیں ان کے پیچھے سے گھیرے ہوئے ہے۔ بلکہ

هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ○ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ○ فَاللّٰهُ خَيْرٌ

وہ بزرگی والا قرآن لوح محفوظ میں ہے۔ تو اللہ سب سے بہتر نگہبان

حَافِظًا ص وَّ هُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ فَاللّٰهُ خَيْرٌ

اور وہ تمام مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے۔ تو اللہ سب سے بہتر

حَافِظًا ص وَّ هُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ فَاللّٰهُ خَيْرٌ

نگہبان اور وہ تمام مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے۔ تو اللہ سب سے بہتر

حَافِظًا ۪ وَّ هُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ اِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ

نگہبان اور وہ تمام مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے۔ بے شک میرا والی اللہ ہے

الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۚ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ○ اِنَّ

جس نے کتاب اُتاری اور وہ نیکوں کو دوست رکھتا ہے۔ بے شک

وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۚ وَ هُوَ يَتَوَلَّى

میرا والی اللہ ہے جس نے کتاب اُتاری اور وہ نیکوں کو دوست

الصّٰلِحِيْنَ ○ اِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۚ

رکھتا ہے۔ بے شک میرا والی اللہ ہے جس نے کتاب اُتاری

وَ هُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ○ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ

اور وہ نیکوں کو دوست رکھتا ہے۔ میرے لئے اللہ کافی ہے اس کے سوا کوئی

اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ

معبود نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے عرش کا

الْعَظِيْمِ ○ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ

مالک ہے۔ میرے لئے اللہ کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں میں نے

تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○ حَسْبِيَ

اسی پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے عرش کا مالک ہے۔ میرے لئے

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ

اللہ کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے عرش کا

الْعَظِيْمِ ۝۴ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ

مالک ہے۔ میرے لئے اللہ کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں میں نے

تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝۵ حَسْبِيَ

اسی پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے عرش کا مالک ہے۔ میرے لئے

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ

اللہ کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے عرش کا

الْعَظِيْمِ ۝۶ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ

مالک ہے۔ میرے لئے اللہ کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں میں نے

تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝۷ حَسْبِيَ

اسی پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے عرش کا مالک ہے۔ میرے لئے

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ

اللہ کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے عرش

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝۱ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ

کا مالک ہے۔ اللہ کے نام کی برکت سے جس کے نام کے ساتھ

مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ

زمین میں کوئی چیز نقصان نہیں دیتی اور نہ ہی آسمان میں

السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ ۲ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ

وہی سنتا جانتا ہے۔ اللہ کے نام کی برکت سے جس کے نام کے ساتھ

مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ

زمین میں کوئی چیز نقصان نہیں دیتی اور نہ ہی آسمان میں

السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ ۳ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ

وہی سنتا جانتا ہے۔ اللہ کے نام کی برکت سے جس کے نام کے ساتھ

مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ

زمین میں کوئی چیز نقصان نہیں دیتی اور نہ ہی آسمان میں

السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ ۱ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

وہی سنتا جانتا ہے۔ اور گناہوں سے بچنے اور نیکی کی طاقت صرف اللہ

الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ ۲ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

بزرگ و برتر کی توفیق سے ہے۔ اور گناہوں سے بچنے اور نیکی کی طاقت صرف اللہ

الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ ۳ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

بزرگ و برتر کی توفیق سے ہے۔ اور گناہوں سے بچنے اور نیکی کی طاقت صرف اللہ

الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ

بزرگ وبرتر کی توفیق سے ہے۔ اور اللہ درود بھیجے اپنی مخلوق میں سے سب سے بہتر ذات

مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ

محمد ﷺ اور ان کی تمام اولاد اور ان کے صحابہ پر اپنی رحمت سے، اے سب مہربانوں سے

الرّٰحِمِيْنَ ○

بہتر مہربان۔

دُعَاءِ اِخْتِتَام

دعائے اختتام حزب البحر

يَا اَللّٰهُ يَا نُوْرُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ اُكْسُنِيْ مِنْ نُّوْرِكَ وَ

اے اللہ! اے نور! اے حق! اے ظاہر فرمانے والے! تو مجھے اپنے نور کا لباس پہنا اور

عَلِّمْنِيْ مِنْ عِلْمِكَ وَ فَهِّمْنِيْ عَنْكَ وَ اَسْمِعْنِيْ

تو مجھے اپنے علم سے علم عطا فرما اور تو مجھے اپنی طرف سے سمجھ عطا فرما اور تو مجھے اپنا

مِنْكَ وَ اَبْصِرْنِيْ بِكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

حکم سنا اور اپنے فضل سے مجھے بصیرت عطا فرما بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

يَا سَمِيْعُ يَا عَلِيْمُ يَا حَلِيْمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ

اے سننے والے! اے جاننے والے! اے بردبار! اے بلندی والے! اے عظمت والے!

اِسْمَعْ دُعَآئِیْ بِخَصَآئِصِ لُطْفِكَ اٰمِیْنَ اٰمِیْنَ

اپنی خصوصی مہربانی سے میری دعا قبول فرما قبول فرما قبول فرما

اٰمِیْنَ ○ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ كُلِّهَا مِنْ

قبول فرما۔ میں اللہ کے تمام کامل کلمات کی پناہ لیتا ہوں

شَرِّ مَا خَلَقَ ط اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ كُلِّهَا

مخلوق کے شر سے۔ میں اللہ کے تمام کامل کلمات کی پناہ لیتا ہوں

مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ط یَا عَظِیْمَ السُّلْطَانِ ○ یَا قَدِیْمَ

مخلوق کے شر سے۔ اے سلطنت کے بزرگ! اے قدیم احسان

الْاِحْسَانِ ○ یَا دَآئِمَ النِّعَمِ یَا بَاسِطَ الرِّزْقِ

کرنے والے! اے ہمیشہ انعام کرنے والے! اے رزق کے کشادہ کرنے والے!

یَا وَاسِعَ الْعَطَایَا یَا دَافِعَ الْبَلَایَا یَا حَاضِرًا

اے بہت عطا کرنے والے! اے بلاؤں کے دور کرنے والے! اے موجود!

لَّیْسَ بِغَآئِبٍ یَّا مَوْجُوْدًا عِنْدَ الشَّدَآئِدِ یَا مُجْمِلَ

غائب نہ ہونے والے! اے تمام مشکلات کے وقت موجود! (مدد کرنے والے) اے راز کے

السِّرِّ یَا خَفِیَّ اللُّطْفِ یَا لَطِیْفَ الصُّنْعِ یَا حَلِیْمًا

چھپانے والے! اے پوشیدہ مہربانی کرنے والے! اے بہترین کام بنانے والے! اے بردبار

لَا یَعْجَلُ یَا جَوَّادًا لَّا یَبْخَلُ اِقْضِ حَاجَتِیْ بِرَحْمَتِكَ

جلدی سزا نہ دینے والے! اے عنایت فرمانے والے جو بخل نہیں فرماتا اپنی رحمت سے میری حاجت

یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○ اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ الْمَخْزُوْنِ

پوری فرما اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے! ۔ اے اللہ! بے شک میں تجھ سے تیرے اس نام

الْمَکْنُوْنِ السَّلَامِ الْمُنَزِّلِ الْقُدُّوْسِ الْمُطَھِّرِ

کے طفیل سوال کرتا ہوں جو پوشیدہ، محفوظ، سلامتی والا، (رحمتیں) اتارنے والا، مقدس، پاک کرنے

الطَّاھِرِ یَا دَھْرُ یَا دَیْھَارُ یَا دَیْھُوْرُ یَا اَزَلُ یَا اَبَدُ

والا، پاکیزہ ہے اے زمانے کے مالک! اے بے ابتداء! اے بے انتہا! اے ہمیشگی والے!

یَا مَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا

اے وہ ذات جس نے نہ جنا اور نہ جنا گیا اور جس کا کوئی ہمسر و برابر نہیں!

اَحَدٌ ط یَا مَنْ لَّمْ یَزَلْ یَا ھُوَ یَا ھُوَ یَا ھُوَ مَنْ لَّا اِلٰهَ

اے وہ ذات جو ہمیشہ رہے! اے وہ ذات! اے وہ ذات! اے وہ ذات! جس کے سوا کوئی معبود

اِلَّا ھُوَ یَا کَانَ یَا کَیْنَانُ یَا رُوْحُ یَا کَآئِنُ بَعْدَ کُلِّ

نہیں! اے وہ ذات جو ہمیشہ سے ہے! اے وہ ذات جو ہمیشہ رہے گی! اے جانوں کے مالک! اے

کَوْنٍ اِھْیَا اَشْرَاھِیَا اَذُوْنَیَ اَصْبَاؤُوْثُ یَا مُجَلِّی

وہ ذات جو تمام ہونے والی چیز کے بعد موجود ہوگی! اے ازلی جسے کبھی فنا نہیں! اے ابدی جسے کبھی

عَظَآئِمَ الْاُمُوْرِ سُبْحَانَكَ عَلٰى عَفْوِكَ بَعْدَ

فنا نہیں! اے تمام کاموں میں بڑی بڑی مشکلوں کے دور فرمانے والے! تیری قدرت کے

قُدْرَتِكَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

باوجود تیرے معاف فرمانے پر پاکی ہے پس اگر وہ منہ پھیریں تو تم فرمادو مجھے اللہ کافی ہے

هُوَ ط عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○

اس کے سوا کوئی معبود نہیں اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور وہ بڑے عرش کا مالک ہے۔

لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ ط وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○

اس کے مثل کوئی چیز نہیں اور وہی سننے جاننے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اے اللہ! درود بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور ہمارے سردار

مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى

محمد ﷺ کی آل پر جیسے تو نے درود بھیجا سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَآ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○ اَللّٰهُمَّ

سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی اولاد پر بے شک تو تعریف والا بزرگی والا ہے۔ اے اللہ!

بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

برکت نازل فرما ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور ہمارے سردار محمد ﷺ کی اولاد پر

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرٰهِيْمَ وَ عَلٰى اٰلِ

جیسے تو نے برکت نازل فرمائی سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر اور سیدنا

سَيِّدِنَا اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○

ابراہیم علیہ السلام کی اولاد پر بے شک تو تعریف والا بزرگی والا ہے۔

مکتوبات مرزا صاحب جانجاناں میں ہے (جنہیں شاہ ولی اللہ صاحب اپنے مکتوبات میں نفس ذکیہ قیم طریقہ احمدیہ داعی سنت نبویہ لکھتے ہیں): دعائے حزب البحر صبح وشام کا وظیفہ اور حضرات خواجگان قدس اللہ اسرارہم کا ختم شریف مشکلات کے حل کے لیے ہر روز پڑھنا چاہیے (کلمات طیبات ملفوظات مظہر جان جاناں مطبع مجتبائی دہلی ص ۷۴) ذرا اس صبح وشام و ہر روز کے الفاظ پر بھی نظر رہے کہ وہی التزام ومداومت ہے جسے ارباب طائفہ وجہ ممانعت قرار دیتے ہیں یہاں داعی سنت نے بدعت اور بدعت کا حکم دیا بلکہ اس ختم اور ختم مجددی کی نسبت انھیں مکتوبات میں ہے: اس کے بعد صبح کے حلقے کو لازم قرار دے لیں (ایضا۔ ص ۴۲) اس کے بعد صبح کے حلقے کی پابندی کرنی چاہیے (ایضا ص ۴۲) سب جانے دو خود امام الطائفہ صراط مستقیم میں لکھتا ہے: ہر وقت کے مناسب اعمال اور ہر زمانے کے مطابق ریاضتیں مختلف ہوتی ہیں یہی وجہ ہے کہ اکابر میں سے ہر طریقے کے محققین نے اشغال واعمال میں تبدیلی کرنے کی کوشش کی بایں وجہ جو مصلحت دیکھی یا حالات کا تقاضا ہوا اسی لئے اس کتاب کا ایک باب ایسے جدید اشغال کے لیے جو اپنے اپنے وقت کی مناسبت سے شروع کئے گئے متعین کیا گیا ہے (صراط مستقیم مقدمۃ الکتاب المکتبۃ السلفیہ لاہور ص ۷،۸) للہ انصاف! یہ لوگ کیوں نہ بدعتی ہوئے۔ اور ذرا تصور شیخ کی تو خبریں کہیے جسے جناب شاہ صاحب مرحوم سب راہوں سے قریب تر راہ بتا رہے ہیں سیا ایمان تقویۃ الایمان پر ٹھیٹ بت پرستی تو نہیں یا یہ حضرات شریعت بالنا اسمٰعیل سے مستثنیٰ ہیں۔ (ملخصا فتاویٰ رضویہ ج ۳۰ ص ۳۶۶-۳۶۷)

سوانح حیات صاحب ترجمہ

دلائل الخیرات شریف اور دعائے حزب البحر کے مترجم نبیرۂ صدر الشریعہ، جگر گوشۂ محدث کبیر، خلیفۂ تاج الشریعہ ومحدث کبیر، حضرت علامہ مولانا مفتی عطاء المصطفیٰ اعظمی دام ظلہ علینا (بانی و مہتمم دار العلوم صادق الاسلام) ہیں۔ آپ کی زندگی کے چند گوشے جو ہم کم علم لوگ سمیٹ سکے قارئین کے پیش نظر کیے جاتے ہیں۔

نام ونسب: عطاء المصطفیٰ اعظمی بن ضیاء المصطفیٰ اعظمی بن امجد علی اعظمی بن جمال الدین۔

خاندانی ماحول: آپ کے آباء واجداد علماء بلکہ علماء گر ہیں۔ آپ مفتی ابن مفتی ابن مفتی ہیں۔ آپ کا خاندان ابتداء ہی سے مذہب حق اہلسنت وجماعت کا پاسبان رہا ہے۔

تاریخ پیدائش: ۱۴ رجب المرجب ۱۳۸۴ھ بمطابق ۱۹۶۴ء

مولد: بڑا گاؤں، مدینۃ العلماء گھوسی، ضلع مئو سابق اعظم گڑھ۔

تعلیم ناظرہ اور اردو و فارسی قاعدہ: قادری منزل میں اپنی دادی محترمہ سے حاصل کی۔

ابتدائی تعلیم درس نظامی: ۱۳۹۴ھ بمطابق ۱۹۷۴ء شمس العلوم گھوسی میں شروع کی۔ یہاں آپ کے اساتذہ کرام میں مولانا سیف الدین، مولانا محمد عاصم اعظمی قابل ذکر ہیں۔

سند فراغت و تربیت حضور حافظ ملت علیہ الرحمہ: شمس العلوم میں ایک برس پڑھتے رہے اس کے بعد ۱۳۹۵ھ بمطابق ۱۹۷۵ء میں مصباح العلوم جامعہ اشرفیہ میں داخلہ لیا جہاں آپ ایک سال حضور حافظ ملت کی پاکیزہ صحبت سے سرفراز رہے۔ والد گرامی حضور محدث کبیر مدظلہ العالی کے حکم پر آپ حضور حافظ ملت کے گھر کا سودا سلف لاتے رہتے، حضور حافظ ملت

آپ پر انتہائی شفقت و کرم نوازی فرماتے اور تربیت کرتے گویا آپ کی تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت بھی ہوتی رہی۔ مصباح العلوم جامعہ اشرفیہ میں آپ کے اساتذہ کرام میں والد گرامی حضور محدث کبیر مدظلہ العالی، علامہ نصیر الدین صاحب، بحر العلوم حضرت علامہ مفتی عبد المنان اعظمی، علامہ عبد الشکور گیاوی، علامہ اسرار الحق مبارکپوری، علامہ عبد اللہ خان عزیزی، قاری محمد عثمان گھوسوی، علامہ اعجاز مبارکپوری، مولانا محمد شفیع اعظمی وغیرہم قابل ذکر ہیں۔ درس نظامی کی تعلیم سے سند فراغت ۱۴۰۳ھ بمطابق ۱۹۸۳ء انیس (۱۹) سال کی عمر میں حاصل کی۔ آپ کی دستار بندی جید علماء اور والد ماجد نے فرمائی۔

فن قرأت: کی تعلیم جامعہ اشرفیہ مبارکپور میں قاری ابو الحسن مدظلہ العالی سے اٹھارہ (۱۸) سال کی عمر میں مکمل کر کے یکم جمادی الآخر ۱۴۰۲ھ بمطابق ۲۸ رمارچ ۱۹۸۲ء کو سند قرآت عاصم بروایت

حفص حاصل کی۔اس کے بعد حضرت قاری محمد عثمان گھوسوی سے قرأت سبعہ میں شاطبیہ اور اس کی عربی شرح وغیرہما سبقاً سبقاً پڑھی اور سند فراغت ۱۴۰۳ھ بمطابق ۱۹۸۳ء انیس (۱۹) سال کی عمر میں حاصل کی۔

فتویٰ نویسی: کی ابتداء ضلع بستی جمد اشاہی دارالعلوم علیمیہ میں ۱۹ ستمبر ۱۹۸۴ء کو بیس (۲۰) سال کی عمر میں پہلا فتویٰ گونگے کے نکاح کے بارے میں دے کر فرمائی اور اپنے والد ماجد سے فتویٰ نویسی کی تربیت لیتے رہے۔ پھر پاکستان تشریف آوری کے بعد ۱۹۸۵ء تا ۱۹۹۳ء رئیس دارالافتاء دارالعلوم امجدیہ حضرت علامہ محمد وقار الدین علیہ الرحمہ کی زیر نگرانی باقاعدہ فتویٰ نویسی کرتے رہے اور ساتھ ہی تدریس کے فرائض بھی انجام دیتے رہے۔ حضرت علامہ مفتی محمد وقار الدین علیہ الرحمہ کے وصال شریف کے بعد ۱۹۹۳ء تا ۲۰۰۳ء دارالعلوم امجدیہ میں منصب افتاء پر قائم رہے اور بے شمار فتاویٰ جات

صادر کر کے قوم وملت کی رہنمائی کرتے رہے۔ ۲۰۰۳ءتا دم تحریر رئیس امجدی دارالافتاء کی حیثیت سے دارالعلوم صادق الاسلام ۴۸۳ / ۱۰ الیاقت آباد میں فائز ہیں ۔آپ کے فتاویٰ جات کا کام جاری ہے جوان شاء اللہ عنقریب ایک ضخیم اور عظیم الشان فقہی انسائیکلوپیڈیا کی صورت میں منظرِ عام پر آئے گا۔

اسناد : الہ آباد بورڈ سے غالباً ۱۹۷۹ءمیں سیکنڈ ڈویژن سے عالم کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۸۲ءمیں فاضل عربی فرسٹ ڈویژن سے پاس کیا۔ ۱۹۸۳ءمیں درس نظامی سے فراغت اور سند اجازۃ الحدیث حاصل کی۔

درس و تدریس : تدریس کا سلسلہ آغاز سب سے پہلے دارالعلوم علیمیہ جمداشاہی بستی سے کیا ایک سال تک وہیں تدریس کے فرائض انجام دیتے رہے اس کے بعد ستمبر ۱۹۸۵ءتا ۱۵ /جنوری ۲۰۱۱ء دارالعلوم امجدیہ عالمگیر روڈ کراچی میں چھبیس (۲۶) سال تک

اپنے علمی جواہر پارے بکھیرتے رہے اور ایک عالم آپ کے فیضان سے فیض یاب ہوتا رہا۔ آپ کی مصروفیت کا عالم یہ تھا کہ صبح میں دار العلوم امجدیہ میں منصب افتاء و تدریس پر فائز تھے، خواتین میں علم دین کی اشاعت و ترویج کے لئے ایک طویل عرصہ تک دن میں اپنے گھر میں اپنی زوجہ محترمہ کے ساتھ طالبات کو بھی درس نظامی کی تعلیم دیتے رہے اور طالبات کو فارغ التحصیل بنا کر مسند تدریس پر فائز کیا۔ اور ۲۰۰۳ء سے رات میں دار العلوم صادق الاسلام ۴۸۳ / ۱۰ لیاقت آباد میں درس نظامی کی ابتدائی کلاس کا باقاعدہ آغاز کیا، آپ ہی تدریس فرماتے رہے، ہر سال ایک ایک درجہ کا اضافہ ہوتا گیا یہاں تک کہ آج اسی دار العلوم صادق الاسلام میں آپ شیخ الحدیث کی حیثیت سے دورہ حدیث کی تکمیل بھی فرما رہے ہیں۔ دار العلوم صادق الاسلام میں اساتذہ کرام کا انتخاب دار العلوم کے محنتی اور ذہین طلباء میں سے کیا جاتا ہے۔ آپ کے

علمی لگاؤ کا اندازہ اس بات سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے کہ دار العلوم صادق الاسلام ۴۸۳ / ۱۰ لیاقت آباد اور دار العلوم صادق الاسلام ۵۷۱ / ۵ لیاقت آباد کراچی میں صبح ۸ تا ۱ بجے دن تدریس و افتاء و تعویذات کے کام میں مصروف پھر بعد ظہر تدریس، عصر کے بعد اوراد و وظائف، بعد مغرب پھر دار العلوم صادق الاسلام چاندنی چوک نزد پرانی سبزی منڈی کراچی میں تدریس و تعویذات کا اجراء، پھر بعد عشاء تارات ۱۲ بجے دار العلوم صادق الاسلام ۴۸۳ / ۱۰ لیاقت آباد کراچی میں تدریس فرماتے ہیں اور اسی اثناء میں کتب بینی اور افتاء نویسی اور کتب نویسی کا کام بھی جاری رہتا ہے۔

علمی شغف اور اعزاز و مناصب: آپ کی خصوصیات میں سے ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ احقاقِ حق اور ابطالِ باطل میں کبھی پس و پیش سے کام نہ لیا اور نہ کسی مصلحت کا شکار رہے۔ بے شمار طلباء کو علم دین سے آراستہ و پیراستہ کرتے رہے، ہزاروں اساتذہ آپ کے شاگرد یا

شاگردوں کے شاگرد ہیں۔اس کے علاوہ دارالعلوم امجدیہ میں ناظم امتحان کی حیثیت سے فرائض انجام دیئے۔ دارالعلوم امجدیہ میں ۱۹۹۳؁ء تا ۱۹۹۸؁ء ناظم تعلیمات رہے۔دارالعلوم امجدیہ میں ہی ۱۹۹۳؁ء تا ۲۰۰۳؁ء منصب افتاء پر رہے۔جامع مسجد امجدی رضوی میں ۱۲ر فروری ۱۹۸۶؁ء تا ۱۵ر جنوری ۲۰۱۱؁ء امام وخطیب کی حیثیت سے فرائض انجام دیئے۔ اس وقت (۲۰۰۳؁ء تادمِ تحریر) دارالعلوم صادق الاسلام ۴۸۳ / ۱۰ لیاقت آباد کراچی میں شیخ الحدیث ورئیس دارالافتاء کے منصب پر فائز ہیں۔

علمی و قلمی خدمات و مسلک اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کی ترویج و اشاعت:

دینی واصلاحی تنظیم بنام فیضان مصطفیٰ قائم کی جس کے زیر اہتمام مختلف علاقوں میں جلسے جلوس اور مختلف علمائے کرام کی تقریروں سے لوگوں کی اصلاح کی۔گھر گھر محافل ومجالس کا انعقاد کروایا۔آپ نہ صرف خود مسلک اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالٰی عنہ پر سختی سے

قائم ہیں بلکہ اپنے طلباء، مریدین، متوسلین، متعلقین کو بھی مسلک اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالےٰ عنہ پر سختی سے قائم رہنے کی تلقین کرتے رہتے ہیں۔ بزرگانِ دین کے اعراس کے موقعوں پر محافل منعقد کر کے عوام اہلسنت کے دلوں میں عشقِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم و عشقِ اولیاء کرام علیہم الرضوان کی شمع فروزاں کرتے ہیں۔ درسِ نظامی، عقائد و مسائل اور دیگر بہت سی کتابوں کے مصنف و مترجم ہیں۔ چند کتابیں یہ ہیں:

(۱) ضیاء النحو
(۲) ضیاء الصرف
(۳) ضیائے فارسی
(۴) فارسی کی پہلی کتاب کا حاشیہ
(۵) ضیاء المنطق
(۶) ترجمہ صرف میر
(۷) ترجمہ منیۃ المصلی
(۸) ترجمہ مشکوۃ
(۹) ضیائے اصول فقہ
(۱۰) ضیائے اصول حدیث
(۱۱) بہار نحو
(۱۲) ضیاء السراجی

(۱۳) نماز کا طریقہ
(۱۴) لاؤڈ اسپیکر پر نماز کا حکم
(۱۵) حسن قرأت
(۱۶) فضائل و مسائل رمضان المبارک
(۱۷) بہار اعتکاف
(۱۸) زکوٰۃ کے فضائل و مسائل
(۱۹) مسئلہ کف ثوب
(۲۰) حج و عمرہ ایک نظر میں
(۲۱) قربانی کے فضائل و مسائل
(۲۲) فضائل شعبان و اعمال
(۲۳) فضائل دعا و مسنون دعائیں
(۲۴) سلام کی اہمیت و افادیت
(۲۵) حرمت مصاہرت
(۲۶) بہار ایصال ثواب
(۲۷) پرائز بانڈ پر انعام جائز
(۲۸) سماعِ موتٰی
(۲۹) ترجمانِ رضا چار اہم فتوے
(۳۰) سفینۂ نجات
(۳۱) تذکرہ رئیس التحریر
(۳۲) برتھ کنٹرول کی شرعی حیثیت
(۳۳) دعائے معراج
(۳۴) تحفۂ عید غوثیہ
(۳۵) ضیاء العارفین ترجمہ منہاج العابدین

(۳۶) ترجمہ دلائل الخیرات مع حزب البحر شریف

(۳۷) جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شرعی حیثیت

(۳۸) جنوں کی دنیا ترجمہ لقط المرجان فی احکام الجان

(۳۹) سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سوانح حیات

(۴۰) راحت القلوب (مجموعہ قصائد و وظائف) وغیرہم۔

مدارس کا قیام و طلباء سے محبت: لوگوں کی اصلاح کے لئے آپ نے اپنی توجہ مدرسوں کے قیام کی طرف مبذول کی اس سلسلے میں ۱۹۹۲ء میں دارالعلوم صادق الاسلام کے نام سے ایک مدرسہ کی داغ بیل ڈالی، آج دارالعلوم صادق الاسلام کراچی کے مختلف مقامات پر دین متین کی ترویج واشاعت میں مصروفِ عمل ہے۔ تمام مدارس کی سرپرستی واہتمام اور انتظام وانصرام خود آپ ہی فرماتے ہیں۔ یہاں ناظرۃ القرآن، حفظ اور درس نظامی کے سینکڑوں

طلباء وطالبات علم دین کے زیور سے آراستہ ہورہے ہیں۔ آپ کی خصوصیات میں سے ہے کہ جب کسی طالب علم نے کسی بھی وقت پڑھنے کی خواہش ظاہر کی تو آپ نے اس کو کبھی رد نہیں فرمایا۔

عقد مسنون: آپ کا عقد مسنون (نکاح) علامہ غلام ربانی علیہ الرحمہ کی صاحبزادی (جو رشتے میں آپ کی سگی پھوپھی زاد بھی ہیں) سے اگست ۱۹۸۴ء میں ہوا۔ آپ کا نکاح آپ کے والد گرامی حضور محدث کبیر مدظلہ العالی نے پڑھایا۔ جولائی ۱۹۸۷ء میں رخصتی ہوئی۔

اولاد امجاد: آپ کی اولاد میں تین لڑکے ریاض المصطفیٰ اعظمی، محمد عبد المصطفیٰ اعظمی، مصطفیٰ رضا اعظمی اور تین لڑکیاں ہیں۔

شرف بیعت: شرفِ بیعت تو بچپن میں ہی حضور صدر الشریعہ بدر الطریقہ کے عرس مبارک کے موقعہ پر جب سرکار مفتی اعظم مولانا مصطفیٰ رضا خان علیہ الرحمہ تشریف لائے تو اپنے سلسلہ ارادت میں داخل فرمالیا

تھا لیکن بعد شعور پھر تجدید بیعت مبارکپور کی سرزمین پر ۷ ار ربیع النور ۱۳۹۶ھ مطابق ۱۹ ر مارچ ۱۹۷۶ء کو ہوئی۔

خلافت: ۱۸ ر ذی الحج ۱۴۰۹ھ کو نبیرۂ اعلیٰ حضرت تاج الشریعہ مفتی محمد اختر رضا خان مدظلہ العالی نے مولانا شوکت حسن خان صاحب زید مجدہ کے دولت خانہ فیڈرل بی ایریا میں عطا فرمائی اور ۳ ر جمادی الاولیٰ ۱۴۱۰ھ کو شہزادہ صدر الشریعہ حضور محدث کبیر مفتی ضیاء المصطفیٰ اعظمی مدظلہ العالی نے خلافت سے سرفراز کیا۔

اجازت حدیث: (۱) حضور محدث کبیر مفتی ضیاء المصطفیٰ اعظمی مدظلہ العالی (۲) تاج الشریعہ مفتی اختر رضا خاں مدظلہ العالی (۳) علامہ عبد المصطفیٰ الازہری علیہ الرحمہ (۴) علامہ عبد المنان اعظمی مدظلہ العالی (۵) علامہ مفتی محمد وقار الدین علیہ الرحمہ۔

محمد عامر امجدی

مناجات

یا الٰہی ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو

جب پڑے مشکل شہ مشکل کشا کا ساتھ ہو

یا الٰہی بھول جاؤں نزع کی تکلیف کو

شادیٔ دیدارِ حسنِ مصطفیٰ کا ساتھ ہو

یا الٰہی گورِ تیرہ کی جب آئے سخت رات

اُن کے پیارے منہ کی صبحِ جانفزا کا ساتھ ہو

یا الٰہی گرمیٔ محشر سے جب بھڑکیں بدن

دامنِ محبوب کی ٹھنڈی ہوا کا ساتھ ہو

یا الٰہی نامۂ اعمال جب کھلنے لگیں

عیب پوشِ خلق ستارِ خطا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب رضؔا خوابِ گراں سے سر اٹھائے

دولتِ بیدارِ عشقِ مصطفیٰ کا ساتھ ہو